★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | بدھ 6 محرم الحرام 1447ھ، 2 جولائی 2025ء، 19 حاڑ 2082پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 226

عالمی حالات پیش نظر، محرم الحرام انتہائی حساس، کسی قسم کی کوتاہی کی کوئی گنجائش نہیں

مریم نواز شریف

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا اہم فیصلہ، محرم کے دوران سوشل میڈیا پر ٹریفک نیوز نشر کرنے پر سخت قانونی کارروائی ہوگی، سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر متنازع مواد کی تشہیر کرنے والے افراد کی ٹریننگ جاری، کارروائی کا آغاز

پنجاب میں سپیشل برانچ کی رپورٹ پر درجنوں متنازع سوشل میڈیا اکاؤنٹس بلاک، قابل اعتراض سوشل میڈیا مواد کی مانیٹرنگ اور رپورٹنگ کے لئے پی آئی ٹی بی کا خصوصی پورٹل بھی فعال



لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کو لاہور چیمبر کے سینئر آئی ٹی فری لانسنگ ایوارڈ 2025 کی تقریب میں میاں ابوذر شاد وگر کے ہمراہ سوئیر پیش کر رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر محرم الحرام کے دوران قیام امن کے لئے ٹیک نیوز کی مانیٹرنگ اور رکن قائم کے لئے سیشن کنٹرول روم قائم کر دیا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ایک خصوصی کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے جو چوبیس گھنٹے فعال ہے اور سوشل میڈیا پر منفی مداخلت، پروپیگنڈا کا آغاز کیا گیا ہے جس (بقیہ نمبر 1)

شاختی کارڈ نمبر کو ہی میڈیکل ریکارڈ نمبر بنایا جائے گا؛ مصطفیٰ کمال

یونیورسل میڈیکل ریکارڈ سسٹم سے عوام کو علاج کی سہولت میں آسانی ہوگی، وفاقی وزیر صحت سہولت پروگرام کے نیشنل ڈیٹا بیس میں یونیورسل میڈیکل ریکارڈ سسٹم قائم کیا جائے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان میں یونیورسل میڈیکل ریکارڈ موجود نہ ہونے سے مریض کی بہتری چانچنا ممکن نہیں، صحت سہولت (بقیہ نمبر 6)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف ایرانی سفارت خانے کا دورہ کر رہے ہیں

سانحہ سوات کا سچائی کمیشن بنایا جائے، لیگی رہنما کا وزیراعظم کا نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر کا دورہ

وزیراعظم کا مالی سال کے پہلے دن پاکستان اسٹاک ایکسچینج 100 انڈیکس کے 127000 کی بلند ترین سطح عبور کرنے پر اطمینان کا اظہار، حکومت ملک میں بہترین کاروباری ماحول کے فروغ اور سرمایہ کاروں کو مزید سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے کوشاں ہے، شہباز شریف

ملکی معیشت اور حکومتی پالیسیوں پر کاروباری برادری اور سرمایہ کاروں کا اعتماد ہر گزرتے دن کے ساتھ مضبوط و مستحکم ہو رہا ہے، پچھلے مالی سال میں حکومت کی بہترین معاشی پالیسیوں کی وجہ سے ملکی معیشت نے بتدریج بہترین ریکوری دکھائی، شہباز شریف

پاکستان اور بھارت کا سفارتی ذرائع سے جیلوں میں موجود قیدیوں کی فہرستوں کا تبادلہ

دونوں ملک یکم جنوری اور یکم جولائی کو قیدیوں کی فہرست شیئر کرتے ہیں، معاہدہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بھارت نے سفارتی ذرائع سے ایک دوسرے کی قونصلر رسائی میں موجود قیدیوں کی فہرستوں کا تبادلہ کیا ہے، ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق بھارتی (بقیہ نمبر 9)

پنجاب اسمبلی ہنگامہ آرائی، اپوزیشن کے 26 ارکان کو ایک دن کی سسپنشن کا وارنٹ جاری

اس کارروائی میں سپریم کورٹ کے سابق چیف جسٹس عمر عطا بندیال کے اس فیصلے کا حوالہ بھی لیا جارہا ہے جو انہوں نے حمزہ شہباز شریف کے خلاف دیا تھا

لاہور (خبر نگار) پنجاب اسمبلی میں ہنگامہ آرائی پر معطل کئے گئے اپوزیشن کے 26 ارکان کو ایک دن کی سسپنشن کا وارنٹ جاری کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سپیکر آفس نے اس معاملے پر محکمہ قانون پنجاب سے مشاورت شروع کر دی، ان معطل ارکان کی اسمبلی رکنیت ختم کرنے کے لیے آئینی کارروائی میں سپریم کورٹ (بقیہ نمبر 5)

سلامتی کونسل کو موثر، فعال اور سفارتی انداز میں چلایا جائے گا، اسحاق ڈار

پاکستان یوایس چارٹر، عالمی قانون اور کثیر الجہتی اصولوں سے وابستہ ہے: گفتگو

سلامتی کونسل کو موثر، فعال اور سفارتی انداز میں چلایا جائے گا، وزیر خارجہ کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان نے آج اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی صدارت سنبھال لی، تمام رکن ممالک کے ساتھ (بقیہ نمبر 3)



لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈویژنل کمیشن پشاور، بلوچستان اور سندھ ہائی کورٹ کے مستقل چیف جسٹس کا فیصلہ

جسٹس ایس ایم عتیق شاہ کو چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ، جسٹس روزی خان کو چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ، جسٹس عبدالغفار کو چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ بنانے کا فیصلہ کر لیا گیا

اجلاس میں ہر ہائیکورٹ کے سینئر ترین تین ججز کے ناموں پر غور کیا جارہا ہے، چیف جسٹس اسلام آباد کے لیے جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب کے نام زیر غور

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) ہائیکورٹ کے مستقل چیف جسٹس کی تقرری کے لیے ڈویژنل کمیشن کا اجلاس جاری ہے، جسٹس ایس ایم عتیق شاہ کو چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ، جسٹس روزی خان کو چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ اور جسٹس عبدالغفار کو چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ بنانے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت سندھ، بلوچستان، پشاور اور اسلام آباد ہائیکورٹس کے مستقل چیف جسٹس کی تقرری کے لیے کمیشن کا اجلاس ہوا، جس میں ہر ہائیکورٹ کے سینئر ترین ججز کے ناموں پر غور کیا جارہا ہے۔ چیف جسٹس اسلام آباد کے لیے جسٹس سرفراز ڈوگر، جسٹس محسن کیانی اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب کے نام زیر غور ہیں، جبکہ چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ کے لیے جسٹس جنید غفار، جسٹس فلزر اجپوت اور جسٹس اقبال کھوڑو کے نام (بقیہ نمبر 16)

پیمرا کراچی نے ایم کیو ایم کی 32 چارجڈ پارکنگ سائٹس 6 جولائی سے مفت کرنے کا اعلان کر دیا

شہریوں کو مالی ریلیف فراہم کرنا اور عوامی سہولت میں بہتری لانا ہے، پیمرا مرتضیٰ وہاب

کراچی (این این آئی) پیمرا کراچی پیمرا مرتضیٰ وہاب کی ہدایت پر محکم چارجڈ پارکنگ کے ایم کی نے شہر بھر میں 32 ایم کی کے زیر انتظام پارکنگ سائٹس پر پارکنگ فیس ختم کرنے (بقیہ نمبر 21)



لاہور: صوبائی وزیر لیبر اینڈ ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ پروگرام بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شفیلا جری والا کی موت کے بعد ماہر امراض قلب کی وارننگ

میتی (این این آئی) شفیلا جری والا کی موت کے بعد ماہر امراض قلب نے وارننگ جاری کر دی۔ ادا کارہ کی اچانک موت پر طبی ماہرین نے امراض قلب سے ہونے والی اموات میں بڑھتے ہوئے رجحان پر تشویش کا اظہار (بقیہ نمبر 20)

ریلوے میں اصلاحات لاکر تقدیر بدل دیں گے؛ حنیف عباسی

وزیراعظم شہباز شریف 19 جولائی کو لاہور ریلوے اسٹیشن میں ترقیاتی کاموں کا افتتاح کریں گے

ملک کو چیلنجز سے باہر نکال کر ڈیفالٹ سے بچایا، دشمن کو ایسا جواب دیا جو ہمیشہ یاد رہے گا

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ ریلوے میں اصلاحات لاکر تقدیر بدل دیں گے، وزیر (بقیہ نمبر 9)

ابراہم اکارڈ سے متعلق دیا آیا اپنے تو مفادات دیکھیں گے خواجہ آصف

مودی کی سیاست کے دن گنے جا چکے ہیں؛ پاکستان کا موقف درست تھا جسے تسلیم کیا گیا، مودی جھوٹے بیانیے سے عزت بچا رہا ہے، وزیر دفاع

بھارت کی جانب سے دوبارہ حملے کا امکان ہے لیکن مودی کو اندر سے بھی اب سپورٹ حاصل نہیں ، بات چیت کیلئے تیار ہیں؛ انٹرویو

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ اب ابراہم اکارڈ سے متعلق دباؤ آیا تو اپنے مفادات دیکھیں گے، اس معاملے پر مشاورت بھی ہو رہی ہے، اس پر جواب دہ بن کے جب میں اس اکارڈ کا حصہ بنے گا کیا ہے گا، فلسطین کے لوگ جس طرح ظلم سہہ رہے ہیں لیکن سر نہیں جھکا رہے ہیں، مسلم دنیا کو اللہ حساب لے گا، ڈیڑھ ارب مسلمانوں نے اکارڈ کا حصہ بننے کا کیا ہے گا، قیامت کے روز حساب دینا (بقیہ نمبر 23)

لاہور چیمبر کے آئی ٹی فری لانسنگ ایوارڈز 2025 کی تقریب

فری لانسنگ پاکستان کی ابھرتی ہوئی ڈیجیٹل معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے

ڈیجیٹل معیشت کے فروغ میں فری لانسرز کا کردار بہت اہم ہے، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر

لاہور (این این آئی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر آئی ٹی فری لانسنگ ایوارڈز 2025 کی تقریب میں گورنر پنجاب نے مہمان خصوصی شرکت کی، چیمبر میاں ابوذر شاد، سینئر نائب صدر شاہد نثار چوہدری کے ہمراہ فری لانسرز اور نائب صدر طارق عزیز ایوارڈز (بقیہ نمبر 2)

لاہور ہیسپتالین کارڈ سے ہیلتھ کارڈ میں تبدیل، شہر ختم، شہری پریشان

سرکاری ہسپتالوں میں ہیلتھ کارڈ بند کر دیا گیا ہے، سرکاری ہسپتالوں میں ہیلتھ کارڈ بند کئے جانے کے کسی کو کوئی فرق نہیں پڑے گا

دواؤں کی مد میں 33 ارب روپے کی رقم مختص، ہسپتالوں میں قلت نہیں ہے، وزیر صحت پنجاب

لاہور (خبر نگار) لاہور کے سرکاری ہسپتالوں میں ہیلتھ کارڈ بند کر دیا گیا ہے، سرکاری ہسپتالوں میں ہیلتھ کارڈ بند کئے جانے سے کسی کو کوئی فرق نہیں پڑے گا، وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق کے مطابق سرکاری ہسپتالوں میں ہیلتھ کارڈ بند کر دیا گیا ہے، سرکاری ہسپتالوں میں ہیلتھ کارڈ کی سہولت ختم کر دی گئی جس کی وجہ سے شہری پریشان ہیں۔ وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق کے (بقیہ نمبر 2)

سعودی عرب نے ہر مشکل وقت میں پاکستان کا ساتھ دیا؛ کامران خان ٹیسوری

گورنر سندھ کا کامران خان ٹیسوری کی سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی سے ملاقات

اسلام آباد میں سفارت خانہ پہنچنے پر گورنر سندھ کا پرتپاک استقبال اور سفیر سمیت سفارتی عملے نے والہانہ خیر مقدم کیا

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے اسلام آباد میں سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی سے ملاقات کی۔ گورنر سندھ جب سفارت خانہ پہنچے تو ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا اور سفیر سمیت سفارتی عملے نے والہانہ خیر مقدم کیا۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات ، ملک کی سلا (بقیہ نمبر 30)

شامی صدر کی بھی معاہدے سے قبل جولان سے اسرائیلی انخلا کے لیے کوشاں

عمل ایبہ (این این آئی) اسرائیلی نظام نے کہا ہے کہ شامی صدر احمد الشرع کے اسرائیل کے ساتھ ایسے کسی امن معاہدے پر رضامند ہو (بقیہ نمبر 25)

ٹرمپ نے شام پر عائد پابندیاں ہٹانے کے حکم نامے پر دستخط کر دیے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے شام پر عائد پابندیاں ختم کرنے کے ایگزیکٹو آرڈر پر دستخط کر دیے۔ (بقیہ نمبر 26)

اسرائیل فوجی کارروائیوں پر اربوں ڈالر پھونک چکا، امریکی ادارہ

عمل ایبہ (این این آئی) اسرائیل شرق وسطی میں اپنی فوجی کارروائیوں پر اربوں ڈالر پھونک چکا، اسرائیل نے 7 اکتوبر 2023 سے اب تک وفاقی بجٹ میں 46.5 ارب ڈالر خرچ (بقیہ نمبر 27)

وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت اہم اجلاس

جناح ہسپتال لاہور میں جاری ری ڈیپنگ منصوبے کا تفصیلی جائزہ، تاخیر پر متعلقہ حکام کی سرزنش

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری (بقیہ نمبر 24)



وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری چنیوٹ میں امن وامان سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

عزاداروں کو تحفظ سہولیات فراہم کرنا حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے

سوشل میڈیا پر شرانگیز یا نفرت انگیز مواد پھیلانے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی ہے

وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کا چنیوٹ کا دورہ، محرم الحرام کے انتظامی و سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ

چنیوٹ (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب و ڈپٹی کمشنر ظفر اللہ گوندل اور ڈی پی او محمد اللہ احمد نے عشرہ محرم الحرام کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے گزشتہ روز ضلع چنیوٹ کا دورہ کیا۔ اظہار عزم انتظامات فیصل آباد ڈویژن، عظمیٰ بخاری نے محرم الحرام کے انتظامی و حفاظتی اقدامات کا ڈی سی آفس میں عزاداروں اور دیگر

لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں زلزلے کے شدید جھٹکے

شدت 4.4 ریکارڈ، گہرائی 14 کلومیٹر، زلزلے کا مرکز ساتھ ویلی لاہور تھا، رکٹر سکیل

صبح 1 بجکر 39 منٹ پر زلزلے کے جھٹکوں سے شہری دفاتر اور گھروں سے باہر نکل آئے

لاہور (نیوز ایجنسی) لاہور سمیت پنجاب کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے جس کے باعث شہریوں میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا۔ لاہور میں 11 بجکر 39 منٹ پر زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں۔ ریکٹر سکیل پر زلزلے کی شدت 4.4 ریکارڈ کی گئی ہے۔ زلزلے کی گہرائی 14 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی ہے۔ زلزلے کا مرکز ساتھ ویلی لاہور تھا۔ جن کی شدت سے دفاتر اور گھروں میں موجود افراد کو باہر نکلنے پر مجبور کر دیا۔ زلزلے کے جھٹکے (بقیہ نمبر 2 9)

پاکستان ریلوے کسی وزیر، افسر یا حکمران کی نہیں، حنیف عباسی

امید ہے آنے والے دنوں میں ریلوے سے متعلق تمام مسائل حل ہو جائیں گے، وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کا کہنا ہے کہ پاکستان ریلوے کسی وزیر، افسر یا حکمران کی نہیں بلکہ پاکستان کے عوام کی ہے۔ لاہور میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حنیف عباسی نے کہا (بقیہ نمبر 10)

بیرسٹر سلطان سے محمد فاروق حیدر کی ملاقات،

اسلام آباد (این این آئی) صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر راجہ محمد فاروق حیدر خان کی اہلیہ (بقیہ نمبر 14)

بانی پی ٹی آئی کی رہائی کیلئے بہت سارے راستے اور آئینی عمل موجود ہیں، فیصل چوہدری

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کے وکیل فیصل چوہدری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی رہائی کے لیے بہت سارے راستے اور آئینی عمل موجود ہیں۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا (بقیہ نمبر 15)

کرینہ کپور نے سیف علی خان پر حملے کے بعد خاموشی توڑ دی

ممبئی (این این آئی) کرینہ کپور خان نے شوہر سیف علی خان پر قاتلانہ حملے اور اس کے بعد اپنے خاندان پر پڑنے والے اثرات (بقیہ نمبر 17)

عوام کا پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم کرنے کا مطالبہ

پیٹرول، ڈیزل میں اضافے سے غریب کی قوت خرید مزید کم ہوگی، شہری

اسلام آباد (این این آئی) عوام نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ ان حوالے سے شہریوں نے کہا ہے کہ پیٹرول اور ڈیزل سستے ہونے سے سبزیوں (بقیہ نمبر 18)

پاکستان کے ایٹمی اثاثے محفوظ ہاتھوں میں ہیں، ہمارا ایٹمی پروگرام کسی کے خلاف نہیں، مشاہد حسین

پاکستان صومالی ڈیزیز اعت سید عاشق حسین کرمانی سرکٹ ہاؤس میں محرم الحرام اور عرس بابا فرید کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

روزنامہ قوت لاہور
ہفت روزہ ہفت روزہ
سٹی نیوز

شہدائے پولیس کو خراج تحسین پیش کرنے کا سلسلہ جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) شہدائے پولیس کو خراج تحسین پیش کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ لاہور پولیس کی گارڈنے شہید کا شکیل شہید احمد کی 17ویں برسی پر ان کی قبر پر حاضری دی۔ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہید کی لحد کو سلامی پیش کی۔ پولیس کے دستے نے شہید کی قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ شہید احمد 2جولائی 2009 میں اشتہاری ڈاکو ؤں کے خلاف کارروائی کے دوران شہادت کے منصب پر فائز ہوئے تھے۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ محکمہ پولیس شہدا کے اہل خانہ کو ویلفیئر کیلئے ممکنہ وسائل سے بھرپور اقدامات یقینی بنائے گا۔

شاہدرہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 18 سالہ نوجوان زخمی ہوگیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شاہدرہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 18 سالہ نوجوان زخمی ہو گیا۔ جسے فوری طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق شاہدرہ کا رہائشی احمد گھر کے باہر کھڑا تھا کہ اس دوران نامعلوم موٹر سائیکل سوار نے اس کی ٹانگ میں گولی ماری اور فرار ہو گیا اطلاع ملتے ہی پولیس نے احمد کو طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر کے نامعلوم ملزم کی تلاش شروع کر دی۔

لوئر مال پولیس لوڈر مزدا اور ٹرک چوری کرنے والا شاطر ملزم گرفتار کر لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) لوئر مال پولیس لوڈر مزدا اور ٹرک چوری کرنے والا شاطر ملزم گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق لوئر مال پولیس نے کارروائی کے دوران مال بھرا ٹرک اور مزدہ چوری کرنے والے ملزم سکندر کو بھی گرفتار کر لیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے گرفتار کیا گیا ملزم سے 2 چوری شدہ گاڑیاں برآمد کر لی گئی ہیں۔ ملزم کی نشاندہی پر مزید 2 گاڑیاں برآمد کر لی گئی ہیں۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔

شہر میں چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق راوی روڈ پر 10 سالہ فیصل کو اسلحہ کے زور پر لوٹ لیا گیا۔ ملزمان 1 لاکھ 20 ہزار روپے اور موبائل فون ۞ الیکٹرک ایرا میں نوید سے 1 لاکھ 10 ہزار روپے اور موبائل فون ۞ لوہاری میں فیاض سے 1 لاکھ روپے اور موبائل فون ۞ شادمان میں ناصر سے 1 لاکھ روپے اور موبائل فون ۞ گارڈن ٹاؤن میں شیراز سے 60 ہزار روپے موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ ایئرپورٹ آباد اور گڑھی شاہو سے گاڑیاں جبکہ شالیمار باغبانہ اور مغرور مل سے موٹر سائیکلیں چوری ہوگئیں۔

بیوی کے روٹھ کر گھر سے چلے جانے پر دلبرداشتہ ہو کر گلے میں پھندا لے کر خودکشی کر لی

پولیس نے لاش پوسٹ مارٹم کے لئے مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی

لاہور (خالد صدانی سے) ملت پارک کے علاقے میں 40 سالہ شخص نے میڈیسن طور پر بیوی کے روٹھ کر گھر سے چلے جانے پر دلبرداشتہ ہو کر گلے میں پھندا لے کر خودکشی کر لی ہے۔ پولیس نے لاش پوسٹ مارٹم کے لئے مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ملت پارک کے علاقے چوہدری کالونی گجور والی مسجد کے قریب رہائش پذیر 40 سالہ ڈاکٹر محمد ابوبکر نے اپنے گھر میں پھندا لے کر خودکشی کر لی ہے۔ پولیس نے گزشتہ روز میڈیسن طور پر گھریلو جھگڑے اور بیوی کے روٹھ کر گھر سے چلے جانے پر دلبرداشتہ ہو کر گلے میں پھندا لے کر خودکشی کی ہے۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر فرانزک ٹیم کی مدد سے شواہد اکٹھے کئے اور لاش قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لئے مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔ پولیس کے مطابق ابتدائی تفتیش کے مطابق متوفی کا چند روز قبل اپنی بیوی کے ساتھ جھگڑے ہوا تھا اور اس کی بیوی اسے چھوڑ کر گھر سے چلی گئی تھی۔ واقعہ سے متعلق مزید تفتیش جاری ہے۔

گجر پورہ پولیس نے دو کی متحرک موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) گجر پورہ پولیس نے دو رکنی متحرک موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق گجر پورہ پولیس نے خفیہ کارروائی کے دوران موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان عمران اور ساجی بلال کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 4 موٹر سائیکل اور غیر قانونی 2 پستل برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان گجر پورہ سمیت لاہور کے مختلف علاقوں سے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث تھے۔ ملزمان کو ریمانڈ پر لے کر مزید وارداتوں کا سراغ لگایا جائے گا۔

شیخوپورہ خنان پور نزد موٹروے فیکٹری ڈکیتی مزاحمت پر فائرنگ سے ایک شخص زخمی

فیروز والہ (نامہ نگار خصوصی سے) شیخوپورہ خان پور نہر نزد ہونڈا فیکٹری ڈکیتی مزاحمت پر فائرنگ سے ایک شخص زخمی ۔ امدادی ٹیم نے زخمی کو



فرسٹ ایڈ مہیا کرتے ہوئے DHQ ہسپتال شیخوپورہ شفٹ کر دیا زخمی ہونے والے شخص کی شناخت 27 سالہ سجاد ولد عبدالحق کے نام سے ہوئی۔

شہر کی اہم شاہراہوں کو بوگن ویلیا بیلوں سے سجانے کا آغاز

گرین لاہور ہمارا ویژن ہے اور شہری بھی اس شجرکاری مہم میں بھرپور حصہ لیں۔ منصور احمد

لاہور (صابر غوری) پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی لاہور نے شہر کی اہم شاہراہوں کو خوبصورت اور دلکش بنانے کے لیے ایک اور نئے گلشن منصوبے کا آغاز کر دیا ہے۔ منصوبے کے تحت ذیلی پی ایچ اے سے منصور احمد کی خصوصی ہدایات پر مختلف اہم شاہراہوں اور گرین بیلٹس پر بوگن ویلیا بیلوں کی شجرکاری کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ابتدائی مرحلے میں جیل روڈ، گلبرگ، ٹرنر روڈ، اور فیروز پور روڈ سمیت دیگر اہم شاہراہوں پر 6 سے 8 فٹ لمبی



خوشنما بوگن ویلیا کے پودے لگائے جائیں گے۔ منصوبے کی زیبائش میں بلکہ شجری خوبصورتی میں ایک جدید اور سبز شہر بنانے کی طرف ایک عملی قدم ہے بلکہ عوام میں شجرکاری کے رجحان کو فروغ دینے کا مؤثر ذریعہ بھی ثابت ہوگا۔

بوگن ویلیا بیلیں لگا دی گئیں ہیں۔ جو نہ صرف گرین بیلٹس کی زینت بنیں گی بلکہ شہری خوبصورتی میں بھی بے پناہ اضافہ کریں گی۔ شجرکاری کے دوران الائنگ پلانٹنگ اور پانی کی دستیابی جیسے تکنیکی پہلوؤں کا بھی خاص خیال رکھا جا رہا ہے تاکہ پودے کم سے کم وقت میں پروان چڑھ سکیں۔ اس حوالے سے ڈی جی پی ایچ اے منصور احمد نے کہا کہ ہر سڑک اور گرین بیلٹ کو خوبصورت بنایا جا رہا ہے۔ پی ایچ اے شہر کی خوبصورتی کے لیے ہر پورا قدمات کر رہا ہے۔ گرین لاہور ہمارا ویژن ہے اور شہری بھی اس شجرکاری مہم میں بھرپور حصہ لیں۔ شہر لاہور کو سرسبز و شاداب بنانے میں ہر فرد کا کردار اہم ہے، یہ اقدام نہ صرف لاہور کی خوبصورتی میں اضافہ کریں گے بلکہ آلودگی کے خلاف بھی ایک مؤثر قدم ثابت ہوگا۔ شہری اس مہم میں بھرپور تعاون کریں تاکہ ہم سب مل کر لاہور کو ایک سرسبز اور صاف ستھرا شہر بنا سکیں۔

صوبائی وزیر اوقاف چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پبسک ہاؤس میں اجلاس

محکمہ اوقاف کی زمینوں پر نجائز قبضوں کے خاتمے کے ایکشن پلان کی منظوری دی گئی، 8102 ایکڑ اراضی نجائز قابضین سے واگزار کرانے کے لئے پلان تیار کر لیا گیا

لاہور (صابر غوری) صوبائی وزیر اوقاف وذخیرہ امور چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پبسک ہاؤس میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ اوقاف کی زمینوں پر نجائز قبضوں کے خاتمے کے ایکشن پلان کی منظوری دی گئی۔ محکمہ اوقاف کی 8102 ایکڑ اراضی نجائز قابضین سے واگزار کرانے کے لئے پلان تیار کر لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ محکمہ اوقاف کی تمام اراضی کی ڈیجیٹل سروے کی جائے گی، سرکاری اداروں کے زیر

قبضہ جلد ٹرانسفر کے لئے عمل کا لوحہ کیا جائے گا، محکمہ اوقاف کے بورڈ کی منظوری سے رہائشی اور رہائش قبضوں والی اراضی کے حوالے سے ریگولرائزیشن کی پالیسی لائی جائے گی، قابضین کو واگزار کرانے کے لئے خصوصی کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔ صوبائی وزیر اوقاف چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ اوقاف کے افسران منشیات فروشوں، کیسٹی فروشوں، بھتہ خوروں کی سرکوبی میں مصروف ہیں، ہم نے اپنے ایک ایک انچ کی حفاظت کرنی ہے، ہم نے اپنی زمینوں کو ہر صورت واگزار کرانا ہے، ہم نے اپنی زمینوں کو ہر صورت ریگولرائز کرنا ہے، ہم نے اپنی زمینوں کو ہر صورت ڈیجیٹل سروے کرنا ہے، ہم نے اپنی زمینوں کو ہر صورت ڈیجیٹل ریکارڈ کا حصہ بنان

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 2 جولائی 2025ء

سانحہ سوات پر وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کو فوری مستعفی ہو جانا چاہئے گورنر پنجاب

انتظامی نااہلی اور وسائل کے فقدان کی وجہ سے معصوم انسانی جانوں کا ضیاع ہوا جس پر وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کو مستعفی ہونا چاہئے اور سانحہ کی ایف آئی آر بھی ان کے خلاف درج ہونی چاہیئے



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) خیبر پختونخوا میں 13 سال سے ایک ہی پارٹی کی حکومت مسلط ہے مگر انتظامی نااہلی اور وسائل کے فقدان کی وجہ سے معصوم انسانی جانوں کا ضیاع ہوا جس پر وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کو مستعفی ہونا چاہئے اور سانحہ کی ایف آئی آر بھی ان کے خلاف درج ہونی چاہیئے۔ یہ باتیں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان اور گورنر خیبر پختونخوا خواجہ فیصل کریم کنڈی نے ڈسکہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیں جہاں انہوں نے سانحہ سوات میں جانبحق ہونے والوں کے لواحقین سے ملاقات کی اور سوگوار خاندان سے اظہار تعزیت کیا اور فاتحہ خوانی کی۔ دونوں صوبوں کے گورنر کچھ دیر سوگوار خاندان کے ساتھ موجود رہے۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ کے پی کے میں لمبے عرصہ سے ایک ہی سیاسی پارٹی کی حکومت ہے مگر انتظامی نااہلی سے سانحہ ہوگیا اور سیلابی ریلے میں پھنسے لوگ بے بسی سے ڈوب گے حالانکہ بروقت کاروائی سے قیمتی انسانی جانوں کو بچایا جا سکتا تھا گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ ریسکیو 1122 اور انتظامیہ کچھ نہ کر سکے، بے بسی سے لوگ سیلابی ریلے میں دو گھنٹے تک پھنسے رہے جبکہ ریسکیو 1122 ایک گھنٹہ پہلے پہنچ گئی مگر ان کے پاس ریسکیو کے علاوہ کچھ نہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ جنگ زدہ ملکوں میں انسانی جانوں کو بچانے کا کوئی نہ کوئی نظام ہوتا ہے مگر کے پی میں انتظامی مشنری بالکل ناکارہ ہے اور کنارے پر کھڑے خاندان کے دیگر افراد کے سامنے سیلابی ریلے میں اسی خاندان کے دیگر 10 افراد بہہ گے۔ انہوں نے کہا کہ سوات کے سانحہ پر پوری قوم افسردہ ہے، دل خون کے آنسو رو رہا ہے۔ گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ ڈسکہ میں کے پی کے عوام کی طرف سے سوگوار خاندان سے معافی مانگنے آیا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کی ایف آئی آر وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے خلاف درج ہونی چاہیئے کیونکہ وزیر سیاحت کا قلمدان بھی انکے پاس ہی ہے۔

محرم الحرام کے جلوس کی گزرگاہ پر صفائی نکاسی آب اور سڑک کی مرمت نہ ہونے پر عہدا داروں کا ڈپٹی کمشنر چنیوٹ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محرم الحرام کے جلوس کی گزرگاہ پر صفائی نکاسی آب اور سڑک کی مرمت نہ ہونے پر عہدا داروں کا ڈپٹی کمشنر چنیوٹ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق امام بارگاہ قصر زہرا محلہ خیر پور سوئی گیس، لاہور روڈ چنیوٹ کے اطراف میں محرم الحرام کے روایتی جلوس ومجالس کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کسی قسم کے انتظامات نہ کیے جانا باعث تشویش ہے۔ محلہ خیر پور میں گندگی، سیوریج کے پانی، بدبو اور صفائی کی بدترین صورتحال انتظامیہ کی غفلت اور بے حسی کا منہ بولتا ثبوت چودری عمر دراز اسی ایڈوکیٹ کے ڈیرہ اور گھر کے سامنے پانی کھڑا ہے جلوس سات محرم کا روٹ مرید حسین والا کھڑا گندہ پانی نہ نکالنے کی وجہ سے نہیں گزر پائے گا علاقہ مکینوں نے کمشنر فیصل آباد اور ڈپٹی کمشنر چنیوٹ سے فوری نوٹس لینے اور امام بارگاہ کے ارد گرد صفائی، نکاسی آب، روشنی، سیکیورٹی اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں تا کہ محرم الحرام کے دوران عزاداران کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بھٹہ مالکان نے اینٹوں کے من مرضی کے نرخ مقرر کر دیئے

ٹیک اینڈ بیلنس کا نظام بری طرح مفلوج شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے اور سرکاری نرخوں پر عملدرآمد کروانے کا مطالبہ کر دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم کی چاروں تحصیلوں میں بھٹہ مالکان نے اینٹوں کے من مرضی کے نرخ مقرر کر کے فروخت شروع کر رکھی ہے چیک اینڈ بیلنس کا نظام بری طرح مفلوج شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے اور سرکاری نرخوں پر عملدرآمد کروانے کا مطالبہ کر دیا تفصیلات کے مطابق جہلم کی چاروں تحصیلوں میں بھٹہ خشت مالکان نے سرکاری نرخوں پر اینٹیں ٹائلیں فروخت کرنے کی بجائے من مرضی کے نرخ مقرر کر کے اینٹوں، ٹائلوں کی فروخت شروع کر رکھی ہے ،اول، دوئم، سوم اور ٹائلز اینٹ 13 ہزار تک فروخت کرنے لگے سرکاری نرخوں کی دھجیاں اڑاتے ہوئے از خود ریٹ مقرر کر کے شہریوں کی جیبوں کا صفایا کیا جا رہا ہے قابل ذکر بات یہ ہے کہ ہر بھٹہ خشت کا ریٹ اور اینٹ کے سائز اور پکائی میں بھی واضح فرق ہوتا ہے۔ اگر کوئی شہری حکومت کے مقرر کردہ نرخوں بابت بات کرے تو مالکان اینٹیں دینے سے صاف انکار کر دیتے ہیں۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے اور سرکاری نرخوں پر سختی سے عملدرآمد کروانے کا مطالبہ کیا ہے

سیاح دوران سیاحت گلیشیئرز و دریاؤں میں احتیاط کریں۔ محمد یوسف

زندگی انمول ذرا سی غفلت مہلک ثابت ہو سکتی ہے۔ ڈائریکٹر ایئر سیال



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیاحت کے شوقین افراد فیملی یا دوستوں وغیرہ کے ساتھ گرمیوں کے دوران خصوصاً کالام ناران کاغان و وادی نیلم سمیت کہیں بھی گلیشیئرز کے قریب جا کر ان کے نیچے یا گلیشیئر یا دریاؤں سے دور رہیں گلیشیئرز کے اوپر گاڑی یا خود بھی کھڑے نہیں ہوں کہ پاکستان بھی تیزی سے موسمیاتی تبدیلیوں کے شکار ممالک کی فہرست میں شامل ہے اور گلیشیئر تیزی سے پگھل رہے ہیں اچانک کسی بھی دباؤ سے گلیشیئر گرنے کے واقعات عام اور ان کے نیچے دب کر اموات یقینی ہیں کیونکہ اتنے بڑے برف کے تودے کے نیچے سے عام افراد انسان ریسکیو نہیں کر سکتے اور ریسکیو سروسز پہنچنے سے قبل موت یقینی ہے۔ ان باتوں کا اظہار ڈائریکٹر ایئر سیال محمد یوسف نے موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے پاکستان میں حادثات میں جانی نقصان کے بارے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ گرمیوں کے دوران نہر یا دریا و سمندر میں جانے سے پرہیز کیجیے کہ زندگی انمول اور بہتا ہوا یا کھڑا پانی معاف نہیں کرتا۔

امام حسین بلند کردار مظہر صبر و استقامت ہیں۔ شاف علی کھانڈ

دین کی سربلندی کیلئے شہدائے کربلا نے سر کٹوا دیئے۔ زوالفقارز کریا کھانڈ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) دین محمدی کی بقاء اور حق کی سربلندی کیلئے اپنا سر کٹوا دیا مگر شریعت محمدی کے برخلاف یزید باطل فاجر کی بیعت نہ کر کے کربلا میں دنیا کو درس دیا کہ اللہ کے دین کی سربلندی کیلئے جابر سلطان کے سامنے کلمہ حق بلند کرو اور اللہ کی راہ میں لڑتے جانیں قربان کر دو۔ نواسہ رسول حضرت امام حسین علیہ السلام نے اپنے 72 ساتھیوں سمیت باطل پرست یزید کی بیعت سے انکار کرتے لاکھوں کی یزیدی فوج کے سامنے سر نگوں نہیں کیا بلکہ دین اسلام کی سربلندی کیلئے شہادتیں دے دیں۔ محرم الحرام کے حوالہ سے ایک فکری نشست کے دوران ان باتوں کا اظہار معروف سکالر و جناح کا پاکستان کے سینئر نل گورنر پنجاب شاف علی کھانڈ اور زوالفقارز کریا کھانڈ نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ امام عالی مقام نے کربلا میں دین اسلام کی سربلندی کیلئے صبر و استقامت کی وہ مثالیں قائم کیں کہ رہتی دنیا تک شہدائے کربلا کا ذکر قائم رہے گا۔

سینئر صحافی ملک احسان الٰہی حسرت کی وفات پر گہرا دکھ ہوا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سینئر صحافی ملک احسان الٰہی حسرت کی وفات پر گہرا دکھ ہوا ہے انکی وفات سے چنیوٹ کی صحافت میں پڑنے والا خلا کبھی بھی پر نہیں ہو سکتا ان خیالات کا اظہار دھامنہ گروپ آف نیوز پیپرز کے چیف ایگزیکٹو سردار قیصر احمد دھامنہ، سنیئر صحافی عامر صدیقی، عابد بگر نے کیا انہوں نے کہا کہ احسان الٰہی حسرت جیسے نڈر اور بے باک صحافی صدیوں بعد پیدا ہوتے ہیں اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر و سابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری سید عنایت علی شاہ کا کہنا تھا کہ احسان الٰہی حسرت کی پارٹی کے لئے خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی ممبر صوبائی اسمبلی مولانا محمد الیاس چنیوٹی نے مرحوم کے لئے خصوصی دعائے مغفرت کی اور پسماندگان کو صبر جمیل کی دعا کی

افواج پاکستان نے ملک و قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ بیرسٹر ابوبکر اظہر بھٹی

پاکستان ائیر فورس نے بھارتی غرور خاک میں ملا دیا۔ عباد اظہر بھٹی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سپہ سالار افواج پاکستان سید عاصم منیر کی مدبر و بردبار قیادت میں افواج پاکستان نے زمینی اور پاکستان ائیر فورس نے فضائی اٹیک سے جارحیت کا جواب منظم و منہ توڑ جواب دے کر مغرور بھارتی وزیر اعظم اس کی نام نہاد حفیہ ایجنسی راء کا غرور خاک میں ملاتے ہوئے دندان شکن جواب دیا کہ دنیا بھائے ممالک پاکستانی طاقت و بھرپور جواب پر عش عش کر اٹھے ان باتوں کا اظہار معروف ایکسپورٹرز بیرسٹر ابوبکر اظہر بھٹی و عباد اظہر بھٹی آف سانزلے ایمپیکس نے میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ ہم بین الاقوامی سطح پر ایک تسلیم شدہ پر امن ایٹمی طاقت ہیں اور مسلح افواج پاکستان غیور پاکستانیوں کا فخر ہیں۔ بھارتی وزیر اعظم مودی ایک سرٹیفائیڈ دہشت گرد ہیں جو بھارتی گجرات میں مسلم کش فسادات، کینیڈا امریکہ میں سکھوں کے قتل میں ملوث ہیں۔ پلوامہ واقعہ ہو یا پہلگام زیندر امودی خود ساختہ فالس فلیگ آپریشن کر کے پاکستان پر الزام لگا تا رہا ہے اس کا جھوٹ اب دنیا میں بے نقاب ہو چکا ہے۔

محرم الحرام میں امن و امان کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ صوبائی وزیر بلدیات

افسران نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع گوجرانوالہ کی تمام جلوسوں اور مجالس پر ضلعی انتظامیہ کے افسران و عملہ اور پولیس نفری تعینات ہوگی



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے ماہ مقدس میں امن و امان کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت کے تحت صوبہ بھر میں جامع سیکیورٹی اقدامات کے ساتھ جلوسوں کے روٹس پر صفائی، بجلی کی فراہمی اسٹینڈ بائی جنریٹرز اور نکاسی آب سمیت دیگر تمام ممکنہ میونسپل سروسز کی فراہمی حکومتی اداروں کی ذمہ داری ہوگی جس میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ امن و امان میں رخنہ ڈالنے والوں کے ساتھ قانون نافذ کرنے والے ادارے آہنی ہاتھوں سے نمٹیں گے اور اس حوالہ سے زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امام بارگاہ گلستان معرفت کالج روڈ، امام بارگاہ باب الحوائج کامونکی کے دورہ کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ دورہ کے موقع پر کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی، ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ، ڈپٹی کمشنر نوید احمد، سٹی پولیس آفیسر رانا ایاز سلیم، ممبران صوبائی اسمبلی محمد نواز چوہان، عمران خالد بٹ، قیصر اقبال سندھو، رانا اختر علی خاں، ایس ایس پیز آپریشنز رضوان طارق، اسسٹنٹ کمشنرز (سٹی اقراء میمن، کامونکی ماہم واحد)، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر معیز منصور، ممبران ضلعی امن کمیٹی، جی ڈبلیو ایم سی، ضلعی وکلا باڈیز کے سربراہان، ہیلتھ، ریسکیو، واسا کے سربراہان موجود تھے۔ افسران نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع گوجرانوالہ کی تمام جلوسوں اور مجالس پر ضلعی انتظامیہ کے افسران و عملہ اور پولیس نفری تعینات ہوگی۔ ان میں 3 ہزار سے زائد پولیس جوان، 15 سو سے زائد رضاکار بھی فرائض سرانجام دیں گے۔ ریزرو فورس، پاک فوج، رینجرز جوان بھی ضلع میں کسی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے موجود ہوں گے۔ 1680 مجالس اور 473 جلوسوں کے روٹس پر مجموعی طور پر (سیف سٹی، ضلعی انتظامیہ) کے 500 سے زائد جدید آئی پی کیمروں سے ہوم ڈیپارٹمنٹ پنجاب اور ضلعی کنٹرول روم سے مانیٹرنگ کی جائے گی، مجالس اور جلوسوں کے روٹس پر واک تھرو ٹیمیں نصب کیے جائیں گے، سول ڈیفنس، پولیس کا بمب ڈسپوزل اسکواڈ اور مسلح جوان چھتوں پر تعینات کیے جائیں گے تا کہ کسی بھی تخریب کاری اور ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے۔ اس کے علاوہ حساس قرار دیئے گئے مجالس اور جلوسوں کے روٹس پر ایلیٹ فورس، قانون نافذ کرنے والے ادارے بھی متحرک ہوں گے۔ ہیلتھ، ریسکیو، فوڈ سیفٹی ٹیمیں بھی تمام جلوسوں کے روٹس پر موجود رہیں گے اور کھانے پینے کی اشیاء کو چیک کریں گی۔ قیام امن کیلئے ضلعی امن کمیٹی، میڈیا کا کردار اہم اور کلیدی ہے، بغیر تصدیق فیک نیوز کی نشریات روکنے میں ادا کریں اور شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں، متعلقہ اداروں مشکوک افراد، سرگرمیوں سے آگاہ کریں۔ سیف سٹی کے علاوہ تمام تحصیلوں میں بھی کنٹرول روم قائم ہوں گے اور 24 گھنٹے 3 شفٹوں میں سنیئر افسران کی زیر نگرانی عملہ تمام محکموں کا عملہ موجود رہے گا۔ وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق نے کہا کہ عاشورہ محرم الحرام کے دوران امن و امان برقرار رکھنے، انتظامی امور بارے کہا کہ یہ بات خوش آئند ہے کہ گوجرانوالہ کی انتظامیہ اور پولیس پروفیشنل، جانفشانی سے کام کرنے افسران پر مشتمل ہونے کے ساتھ ساتھ امن کمیٹی بھی انتہائی متحرک ممبران پر مشتمل ہے جنہوں نے ہمیشہ امن، مذہبی ہم آہنگی، بھائی چارے اور رواداری کو فروغ دیا ہے۔ آج کی ملاقات کا مقصد وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا اس سلسلہ میں پیغام پہنچانا ہے کہ رواں سال عاشورہ محرم الحرام کے دوران پہلے سے بھی بڑھ کر اور مثالی اقدامات کیے جائیں گے۔ صوبائی وزیر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اراکین اسمبلی ڈویژنل اور ضلعی امن کمیٹیوں کے معزز اراکین اور انتظامیہ مل کر محرم الحرام میں بھائی چارے، رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی موجودہ فضاء کو برقرار رکھنے اور فروغ دینے کیلئے یکجان ہو کر اپنے فرائض سرانجام دیں گے۔

ملازمت اور ریٹائرڈمنٹ کسی بھی سروس کا حصہ ہوتے ہیں: کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی

محنتی اہلکار کسی بھی محکمے کا اثاثہ ہوتے ہیں جاوید بھٹی جیسے محنتی اہلکار نے جانفشانی سے اپنے فرائض منصبی انجام دیئے انہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا



گوجرانوالہ (غلام شبیر ریٹائرڈ ایڈیٹر) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ ملازمت اور ریٹائرڈمنٹ کسی بھی سروس کا حصہ ہوتے ہیں انہوں نے یہ بات اپنے دفتر کے اہلکار جاوید بھٹی کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر انہیں بکے دیتے ہوئے کہی اس موقع پر ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن محمد شفیق، اسسٹنٹ جنرل ریونیو محمد فرقان، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد عبدالروف ،ایڈیشنل کمشنر، لا آفیسر اور اسسٹنٹ کمشنر جنرل و دیگر موجود تھے۔ کمشنر نے انکی کامیاب زندگی کے لئے دعا کی اور انکی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ محنتی اہلکار کسی بھی محکمے کا اثاثہ ہوتے ہیں جاوید بھٹی جیسے محنتی اہلکار نے جانفشانی سے اپنے فرائض منصبی انجام دیئے انہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

تحریک منہاج القرآن کے مرکزی ناظم اعلیٰ خرم نواز گنڈاپور نے پریس کانفرنس میں تنازعہ مسجد کا پس منظر پیش کیا

مسجد موجود ہے مسجد کا افتتاح 1984 میں شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری صاحب نے اپنے دست مبارک سے کیا 1992 سے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں باقاعدہ رجسٹرڈ ہے



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) تحریک منہاج القرآن کے مرکزی ناظم اعلیٰ خرم نواز گنڈاپور نے پریس کانفرنس میں تنازعہ مسجد کا پس منظر بیان کرتے ہوئے کہا کہ 1984 سے مسجد موجود ہے مسجد کا افتتاح 1984 میں شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری صاحب نے اپنے دست مبارک سے کیا 1992 سے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں باقاعدہ رجسٹرڈ ہے تحفظ القران کا شعبہ قائم ہے، 2023 میں حکومت پاکستان سے بذریعہ نظام المدارس بورڈ منہاج القرآن نوری جامع مسجد اور مدرسہ رجسٹرڈ ہے ملحقہ اداروں منہاج القرآن گرلز ہائی سکول اور سٹاف کیلئے رہائشی کوارٹرز وغیرہ کی رجسٹریاں FDA میں منہاج القران کے نام ہیں، مندرجہ بالا تمام سرکاری دستاویزات/ ریکارڈ/ سرٹیفکیٹس بطور ثبوت موجود ہیں (پریس کانفرنس میں دکھائے گئے) چند دن پہلے ہمارے مرکز نے منہاج القرآن اسلامک سینٹر میں انتظامی تبدیلی کی اور دو افراد کو تبدیل کیا جو منتظم تھے، اس کی رسمی تقریب میں ناظم اعلیٰ خود موجود ہیں تبدیل کیے گئے منتظمین نے MPA کے ساتھ مل کر سازش کی اور اچانک جمعہ کے اجتماع میں منہاج القران اور سربراہ کے خلاف اشتعال انگیز گفتگو کی ہمارے کارکنان کو کھلے عام دھمکیاں دیں گئیں، 1۔ اگر کسی کارکن کو نقصان پہنچا تو رانا رزاق MPA اور اس کے گماشتے ذمہ دار ہوں گے 2۔ انتظامیہ ہمارے کارکنان اور اداروں کا تحفظ یقینی بنائے، 3۔ کارکنان پر بے بنیاد ایف آئی آر کروانے کے لیے غیر قانونی اثر و رسوخ کا استعمال روکا جائے 4۔ ہم پر امن اور قانون پسند شہری ہیں اور قانون کو کبھی ہاتھ میں نہیں لیں گے 5۔ ہم اس کی غنڈہ گردی، مذہبی منافرت اور قتل کی دھمکیوں پر قانونی کاروائی چاہتے ہیں۔ ہماری درخواست ہے کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے اس MPA کے خلاف قانونی کارروائی کریں، 6۔ ملزمان کی جعلسازی کیخلاف کورٹ آرڈرز کے باوجود FIR نہیں ہو رہی ،وہ FIR درج کر کے ملزمان کو گرفتار کیا جائے 7۔ پہلے مرحلے میں ڈویژن فیصل اباد میں تمام تحصیل ہیڈ کوارٹرز پر پر امن احتجاج ریکارڈ کروائیں گے، اگر یہ ظلم اور بدمعاشی کا سلسلہ بند نہ ہوا تو احتجاج کا دائرہ پورے پنجاب میں پھیلا دیا جائے گا، 8۔ ہم اپنے اداروں پر قبضہ کسی صورت قبول نہیں کریں گے اور اپنے اداروں کے تحفظ کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے ہمارا سوال ہے کیا انتظامیہ اور حکومت نے پر امن شہریوں کو غنڈوں، قبضہ گروپ اور شر پسندوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا ہے؟ آج معاشرے کے تمام پر امن طبقات بلا لحاظ مسلک و جماعت اس شر پسند کی مذمت کر رہے ہیں پورا معاشرہ اس کی شر پسندی پر سراپا احتجاج ہے۔

ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے جلوس کے روٹس سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں فلیگ مارچ کیا گیا

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز سمیت تمام ضلعی افسران نے فلیگ مارچ میں شرکت کی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر محرم الحرام میں امن و امان کی فضا کو برقرار رکھنے کے لیے ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد سلیم اختر راو اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید ندیم عباس کی زیر قیادت فلیگ مارچ کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز سمیت تمام ضلعی افسران نے فلیگ مارچ میں شرکت کی۔ ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے جلوس کے روٹس سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں فلیگ مارچ کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد سلیم اختر راو نے فلیگ مارچ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فلیگ مارچ کا مقصد محرم الحرام کے دوران امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنا ہے، محرم الحرام میں صفائی، روشنی دیگر سہولیات اور سیکیورٹی کے بہترین انتظامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر محرم میں بہترین انتظامات و فول پروف سیکیورٹی اور لائن تریچ ہے، انتظامیہ اور پولیس محرم کے دوران مکمل ہم آہنگی اور ذمہ داری کے ساتھ فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ محرم میں جلوسوں کے روٹس کی صفائی، روشنی، ٹھنڈے پانی کی سبیلوں کا انتظام کیا گیا ہے۔ جلوسوں کے راستوں پر میڈیکل ٹیمیں اور کلینک آن وہیل موجود ہوں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ تمام ادارے مجالس کے کنوینرز اور ضلعی امن کمیٹی کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں، متبادل ٹریفک پلان پارکنگ مقامات کا بھی بندوبست کیا گیا ہے، جلوسوں کی سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متوقع بارشوں کے پیش نظر پانی کے نکاسی کے مکمل انتظامات کیے گئے ہیں، جلوسوں کے راستوں اور چھتوں پر بھی مکمل نفری تعینات ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ محرم ایام میں جلوس اور مجالس کے مقامات پر ڈراون نہر یا دریا و سمندر میں جانے سے پرہیز کیجیے کہ زندگی انمول اور بہتا ہوا یا کھڑا پانی معاف نہیں کرتا۔

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ڈی سی آفس میں قائم محرم کنٹرول روم کا دورہ کیا

سٹاف کی حاضری کو چیک کرنے کے علاوہ سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے محرم جلوسوں کے روٹس پر انتظامات کی نگرانی کی



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ڈی سی آفس میں قائم محرم کنٹرول روم کا دورہ کیا اور سٹاف کی حاضری کو چیک کرنے کے علاوہ سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے محرم جلوسوں کے روٹس پر انتظامات کی نگرانی کی۔ انہوں نے بتایا کہ کنٹرول روم میں بڑے سائز کی 25۔ ایل سی ڈی نصب کی گئی ہیں 1400 سیف سٹی جبکہ مزید 300 سے زائد ہائی ٹیک سی سی ٹی وی کیمروں کو منسلک کیا گیا ہے جن کے ذریعے مرکزی امام بارگاہ دھوبی گھاٹ، چوک گھنٹہ گھر دیگر بازاروں اور مختلف علاقوں کے اہم جلوسوں اور مجالس اعزاء کے مقامات کی براہ راست کوریج کی جا رہی ہے۔ مختلف میڈیا چینلز کی مانیٹرنگ پر بھی خصوصی توجہ مرکوز ہے تا کہ میڈیا کی طرف سے مسائل کی نشاندہی کا فوری نوٹس لے کر بلا تاخیر ضروری اقدامات کیے جا سکیں۔ انہوں نے بتایا کہ کنٹرول روم 24 گھنٹے فعال ہے جس میں محکمہ پولیس، ریسکیو 1122، واسا، ویسٹ مینجمنٹ کمپنی، میونسپل کارپوریشن، سوئی گیس، پی ٹی سی ایل، فلیکو، سول ڈیفنس، ضلعی انتظامیہ اور دیگر محکموں کا سٹاف تین شفٹوں میں ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ محرم جلوسوں و مجالس کی لمحہ بہ لمحہ صورتحال کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ کنٹرول روم میں موصول ہونے والی شکایات و اطلاعات پر فوری ردعمل کا مظاہرہ کر کے اصلاح احوال اور مسائل کے بلا تاخیر ازالے کو یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ شہری محرم انتظامات کو کامیاب بنانے کے لئے بھرپور تعاون کریں اور راستوں کو سیل کرنے کے باعث درپیش مشکلات کو چند روز کے لئے صبر و تحمل سے برداشت کریں۔

اہلبیت کی محبت کامل ایمان کی نشانی ہے: حافظ طاہر محمود

صحابہ و اہلبیت کا بتایا ہوا راستہ ہی جنت کا راستہ ہے حضرت امام حسین علیہ السلام نے کربلا میں ثابت کر دیا کہ حق کی خاطر ڈٹ جاؤ لیکن ظالم کی حمایت کسی صورت نہ کرو

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) جامع مسجد شرقیہ میں حافظ طاہر محمود آف چک دھیدو اور قاری محمد خالد چشتی کی زیر صدارت محفل ذکر شہداء کربلا منعقد علامہ اکرم حسین رضوی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اہلبیت کی محبت کامل ایمان کی نشانی ہے صحابہ و اہلبیت کا بتایا ہوا راستہ ہی جنت کا راستہ ہے حضرت امام حسین علیہ السلام نے کربلا میں ثابت کر دیا کہ حق کی خاطر ڈٹ جاؤ لیکن ظالم کی حمایت کسی صورت نہ کرو معرکہ کربلا دراصل عشق کی حقیقی منزل کی جانب اشارہ کرتا ہے حضرت امام حسین نے عشق و محبت کی لازوال داستان رقم کی جس کی قیامت تک مثال نہیں ملے گی قاری محمد صابر نے تلاوت قرآن مجید اور میاں محمد نواز نے نقابت کے فرائض سرانجام دیے مشتاق احمد فقیر نے اہلبیت کی شان میں مناقبت پیش کیں بانیان محفل لیاقت چشتی اور عبداللہ چشتی کی جانب سے لنگر حسینی کا وسیع انتظام کیا گیا تھا۔

محکمہ فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کے عملہ کی ملاوٹ مافیا کے خلاف دبنگ کاروائیاں جاری

دودھ کے معیار کی جانچ کے لئے 20 دودھ بردار گاڑیوں اور ملک شاپس ملک کوالیشن سنٹرز کو چیک کیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محکمہ فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کے عملہ کی ملاوٹ مافیا کے خلاف دبنگ کاروائیاں جاری، دودھ کے معیار کی جانچ کے لئے 20 دودھ بردار گاڑیوں اور ملک شاپس ملک کوالیشن سنٹرز کو چیک کیا گیا۔ لیکٹو سکین مشین سے 4000 لیٹر سے زائد دودھ کو چیک کیا گیا۔ 120 لیٹر ملاوٹی دودھ تلف۔ دودھ کی ناقص کوالٹی کی وجہ سے 10500 روپے کے جرمانے عائد کئے اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد قاسم رضا نے بتایا کہ دودھ کے ساتھ ساتھ پکوان سنٹرز اور فوڈ پوائنٹس کی معائنہ مہم بھی پوری توانائی کے ساتھ جاری ہے۔ اسی تناظر میں فوڈ سیفٹی ٹیمز نے مختلف پکوان سنٹرز اور فوڈ پوائنٹس کو چیک کیا۔ دوران معائنہ صفائی اور نکاسی کے ناقص انتظامات پائے گئے۔ ورکرز کے میڈیکل سکریننگ سرٹیفکیٹس بھی عدم موجود پائے گئے۔ جس بنا پر 18500 روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ ضلع بھر میں فوڈ سیفٹی ٹیمز نے 169 انسپکشنز کیں۔ قوانین کی خلاف ورزی پر مجموعی طور پر 43000 روپے کے جرمانے عائد۔ دوران معائنہ کریانہ سٹورز سے بڑی مقدار میں ایکسپائرڈ مصنوعات برآمد۔ 14000 روپے جرمانہ عائد۔ 65 لیٹر زائد المیعاد بیور یجز تلف کی

محرم الحرام کے باعث شہریوں کی جانب سے اپنے پیاروں کی قبروں پر حاضری اور فاتحہ خوانی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں عشرہ محرم الحرام کے باعث شہریوں کی جانب سے اپنے پیاروں کی قبروں پر حاضری اور فاتحہ خوانی، قبروں کی ٹوٹ پھوٹ، مرمت اور پھول نچھاور کرنے کیلئے قبرستانوں کا رخ کرنے کا سلسلہ جاری ہے، پھول بیچنے والوں اور گورکنوں کا کاروبار بھی خوب چمک اٹھا ہے، قبرستانوں میں جہاں عام دنوں میں ویرانیاں چھائی رہتی ہیں، عشرہ محرم بالخصوص یوم عاشور کی آمد کے باعث بڑی تعداد میں شہری اپنے آباء و اجداد، والدین، بیوی بچوں، بہن بھائیوں اور دیگر رشتہ داروں کے ہمراہ اپنے پیاروں کی قبروں پر حاضری، قرآن پاک کی تلاوت، فاتحہ خوانی، قبروں کی مرمت کرنے کے ساتھ ساتھ ان پر پھول نچ

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

غزہ میں انسانوں کا قتل 'انسانیت' کی توہین نہیں؟

یوں لگتا ہے کہ دنیا نے انسانوں کی تعریف میں سے غزہ کے چوبیس لاکھ لوگوں کو نکال دیا ہے اور وہ صرف اسرائیل کی بقا اور کامیابی کو یقینی بنانا چاہتی ہے۔ ایران کے خلاف اسرائیلی جارحیت کے حوالے سے بھی یہی مزاج سامنے آیا تھا۔ اور 21 ماہ سے غزہ میں شہریوں کی نسل کشی کے بھیانک عمل پر بھی مسلسل خاموشی انسانی ضمیر پر شرمناک کلنک کی حیثیت رکھتی ہے۔

یورپی یونین نے مئی میں اپنی سفارتی سروس کو غزہ کے حالات کے پیش نظر اس بات کا جائزہ لینے کی ہدایت کی تھی کہ کیا اسرائیل نسل کشی و دیگر انسانی حقوق کی خلاف ورزی کا مرتکب ہو رہا ہے۔ سفارتی سروس کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اسرائیل غزہ میں انسانی حقوق کی خلاف ورزی کر رہا ہے۔ گزشتہ روز یورپی یونین کے اجلاس میں اس رپورٹ پر غور کرتے ہوئے یہ تجویز زیر غور تھی کہ ان حالات میں اسرائیل کے ساتھ تعاون کا پچیس سال پرانا معاہدہ معطل کیا جائے تاکہ اسرائیلی حکومت پر جنگ بندی اور انسانی حقوق کی خلاف ورزی کرنے کے لیے دباؤ ڈالا جائے۔ البتہ مختلف ممالک کے درمیان اختلافات کی وجہ سے یورپی یونین کے اعلامیے میں جنگ بندی پر زور دینے کے علاوہ صرف یہ کہا گیا ہے کہ 'غزہ کا بلاکیڈ ختم کیا جائے، اسرائیلی یرغمالیوں کو رہا کیا جائے اور مغربی کنارے پر غیر قانونی یہودی آباد کاروں کے فلسطینیوں پر حملے بند کیے جائیں'۔ اسرائیل ایسے بیانات کی پرواہ نہیں کرتا کیوں کہ وہ جانتا ہے کہ برائے نام تنقید کرنے کے باوجود یورپی ممالک کبھی اس کے خلاف کوئی سفارتی، معاشی یا سیاسی اقدام نہیں لے سکتے۔ یورپ میں انسانی حقوق کے لیے کام کرنے والے متعدد افراد اسے یورپ کا دوہرا معیار قرار دیتے ہیں۔

یورپی یونین کے اجلاس میں سپین اور آئرلینڈ نے اسرائیل کے ساتھ معاہدہ منسوخ کرنے اور غزہ میں نسل کشی بند کرانے کے لیے سخت رویہ اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا تھا لیکن اتحاد میں شامل جرمنی اور ہنگری اسرائیل کے خلاف کسی بھی عملی اقدام کے خلاف تھے۔ جرمنی نے واضح کر دیا تھا کہ وہ اسرائیل کی فوجی و سیاسی امداد جاری رکھے گا۔ تاہم نازیوں کے ہاتھوں یہودیوں کے قتل عام سے لگنے والے ماضی کے داغ کو دھونے کے لیے جرمن حکومت فلسطینیوں کی نسل کشی برداشت کرنے پر راضی ہے۔ حالانکہ اس غیر انسانی طرز عمل سے یہی اصول ملے ہوگا کہ جرمنی اور دیگر یورپی ملکوں نے نکبل انسانی حقوق کی پرواہ کی تھی اور نہ انہیں آج انسانوں کی ہلاکت اور ان کے ساتھ ہونے والی ناانصافی پر کوئی حقیقی تشویش ہے۔ البتہ خود کو انسانیت کا علمبردار ثابت کرنے کے لیے نرم الفاظ میں 'تشویش' کا اظہار کافی سمجھا جاتا ہے۔

اقوام متحدہ کے ادارے اور انسانی حقوق کے لیے کام کرنے والی تنظیمیں غزہ میں قحط، بھوک، بے چارگی، دواؤں کی قلت اور انسانی جان ارزاں ہونے پر مسلسل احتجاج کر رہی ہیں اور مطالبہ کرتی ہیں کہ اسرائیل پر دباؤ ڈالا جائے تاکہ یہ جنگ بند ہو اور غزہ کے باشندوں کو مناسب خوراک و علاج فراہم ہو سکے۔ اسرائیل نے عالمی اداروں پر جانبداری اور حماس کے سہولت کار ہونے کا الزام لگاتے ہوئے 2 مارچ سے غزہ کے لئے خوراک اور دواؤں کی سپلائی پر مکمل پابندی لگائی ہوئی ہے۔ یہ پابندی لگاتے ہوئے اسرائیلی حکومت نے دعویٰ کیا تھا کہ حماس کے جنگجو شہریوں کے لیے آنے والی امداد لوٹ کر لے جاتے ہیں۔ اس لیے اس پابندی سے حماس کا مقابلہ کیا جائے گا۔ لوگوں کی ضروریات کے لیے اٹھنے والی آوازوں کے جواب میں یہ کہا گیا کہ ابھی غزہ میں خوراک کا کافی اسٹاک موجود ہے۔ وہاں کسی نئی سپلائی کی ضرورت نہیں ہے۔ جبکہ اقوام متحدہ اور دیگر امدادی تنظیمیں ان دعوؤں کو مسترد کرتی رہی ہیں۔

ایک ماہ پہلے غزہ میں 'انسانی بنیاد' پر خوراک فراہم کرنے کے لیے اسرائیلی حکومت کی نگرانی میں غزہ انسانی امداد (جی ایچ ایف) نام سے ایک ادارہ بنایا گیا اور اسے غزہ میں متعدد مراکز پر لوگوں میں خوراک تقسیم کرنے کی ذمہ داری سونپی گئی۔ اس انتظام کو چلانے کے لیے اسرائیلی انٹیلی جنس نے غزہ کے جرائم پیشہ لوگوں کو ساتھ ملایا جو اس سے پہلے بھی غزہ کے لیے آنے والی امداد لوٹنے میں مصروف تھے۔ اب ان عناصر پر مشتمل جی ایچ ایف وہ واحد ادارہ ہے جو غزہ میں خوراک فراہم کرنے کا مجاز ہے لیکن تمام عالمی ادارے و تنظیمیں اس طریقے کو امداد فراہمی کے بنیادی اصولوں سے متصادم قرار دیتی ہیں۔ لیکن اسرائیل پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔ ایک ماہ پہلے اس تنظیم نے خوراک فراہم کرنے کے جو مراکز قائم کیے ہیں وہاں پر امداد کے لیے آنے والے لوگوں پر اسرائیلی فائرنگ سے جمعرات تک سامنے آنے والے اعداد و شمار کے مطابق 549 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں۔ صرف گزشتہ چوبیس گھنٹے کے دوران غزہ میں مارے جانے والے فلسطینیوں کی تعداد ایک سو سے زائد ہے۔ ان میں زیادہ لوگ یا تو خوراک لینے والے مراکز پر اسرائیلی فائرنگ کا نشانہ بنے یا مغربی کنارے پر ناجائز طور سے آباد کیے جانے والے یہودیوں نے فلسطینی آبادیوں پر حملے کر کے انہیں شہید کیا۔ اسرائیل فوج ہمیشہ آباد کاروں کی حفاظت میں فلسطینیوں کو نشانہ بناتی ہے۔ اسرائیلی اخبار ہارٹز کی رپورٹ کے مطابق متعدد فوجیوں و افسروں نے بتایا ہے کہ انہیں غیر مسلح فلسطینیوں پر فائرنگ کی ہدایت ہے۔ اخبار نے ایک فوجی کے حوالے سے بتایا کہ ہجوم کو منتشر کرنے کے لیے آنسو گیس یا کوئی دوسرا طریقہ اختیار کرنے کی بجائے ان پر فائرنگ کی جاتی ہے، مارٹر، مشین گن یا گرینیڈ لانچر سے حملہ کیا جاتا ہے۔ انسانی حقوق کی تنظیمیں اس ہلاکت خیزی کو براہ راست امدادی تنظیم جی ایچ ایف کے طریقہ کا نتیجہ قرار دیتی ہیں۔ لندن میں انسانی حقوق کی وکیل کیٹ میکنوش نے الجزیرہ کو بتایا کہ یہ طریقہ جنگی جرم شمار ہوگا۔ اور اس تنظیم سے وابستہ لوگوں پر بھی ان جنگی جرائم میں ملوث ہونے کے الزام میں مقدمے چلائے جا سکتے ہیں۔

اس صورت حال پر پوپ لیو نے ایک تبصرے میں کہا ہے کہ 'مشرق وسطیٰ کے ممالک جنگ کی زد پر ہیں۔ خاص مفادات کے لیے نفرت عام ہو رہی ہے۔ ایک ایسی فضا پیدا ہو گئی ہے جس میں سانس لینا بھی دشوار ہو رہا ہے۔ علاقے کی صورت حال 'خطرناک شدت' اختیار کر چکی ہے۔ غزہ میں صورت حال المناک اور غیر انسانی ہے۔ افسوس کی بات ہے کہ بہت سے معاملات میں طاقت کا اصول کارفرما ہے۔ اور بین الاقوامی قانون اور انسانی حقوق کو نظر انداز کر کے جبر کا اصول مسلط کیا جا رہا ہے'۔ اس کے باوجود دنیا خاموش ہے۔ یورپی یونین اب اسرائیل کے ساتھ تعاون کے معاملہ پر ایک ماہ بعد پھر سے غور کرے گی جبکہ امریکی صدر نیٹو اجلاس میں یورپی لیڈروں کی خوشامد اور تعریفیں سن کر خوش خوش واشنگٹن واپس گئے ہیں۔ تاہم غزہ میں جنگ بندی کے لیے کوئی سرگرمی دکھائی نہیں دیتی۔ اگرچہ ٹرمپ نے ایران میں جنگ بند ہونے کے بعد کہا تھا کہ غزہ میں جلد ہی جنگ بند ہو جائے گی۔ تاہم اس حوالے سے ابھی کوئی آثار دکھائی نہیں دیتے۔

انگریزی زبان کے ایک اسرائیلی اخبار 'ٹائمز آف اسرائیل' نے البتہ ایک مقامی میڈیا آؤٹ لیٹ 'اسرائیل ہیوم' کے حوالے سے خبر دی ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور وزیر اعظم نیتن یاہو غزہ میں جلد جنگ بند کرانے اور ابراہم اکارڈ کو توسیع دینے پر راضی ہوئے ہیں۔ ابراہم اکارڈ اس معاہدہ کا نام ہے جس کے تحت ٹرمپ نے سابقہ دور میں متعدد عرب ممالک کو اسرائیل کے ساتھ سفارتی تعلقات استوار کرنے پر آمادہ کیا تھا۔ اس رپورٹ کے مطابق طے کیا گیا ہے کہ جنگ دو ہفتے میں بند ہو جائے۔ مصر، متحدہ عرب امارات سمیت چار عرب ممالک غزہ کا انتظام سنبھالیں۔ اور حماس کی قیادت کو غزہ سے جلاوطن کر دیا جائے۔ اسی رپورٹ کے مطابق حماس نے اس تجویز کو مسترد کر دیا ہے۔ اس کے علاوہ اس تجویز میں ایک مشکل غزہ کے مستقبل میں فلسطین اتھارٹی کو اختیار دینے کا معاملہ بھی شامل ہے۔ عرب ممالک کہتے ہیں کہ جنگ بندی کے بعد فلسطین اتھارٹی

ایران: ہمیشہ خواہیم وطن را از دل و جانان

'ایران، ہمارے وطن، تو ہمیں دل و جان سے پیارا ہے'۔ یہ مصرع ایران کے اس قومی ترانے میں شامل تھا جو 1933 سے 1979 تک ایران میں رائج رہا۔ قومی ترانے کی روایت قومی ریاست کے ارتقا سے جڑی ہے۔ قومی ترانہ دراصل مقتدر بندوبست کی عکاسی کرتا ہے۔ 1873 میں دودمان قاجار کے فرماں روا ناصر الدین شاہ نے فرانسیسی موسیقار Alfred Jean Baptiste Lemaire سے ایران کے قومی ترانے کی دھن مرتب کرائی۔ سلام شاہی (Royal Salute) کے عنوان سے اس ساز سینے میں فارسی زبان کے کسی لفظ کو زحمت نہیں دی گئی تھی۔ طوائف الملوکی، قحط اور جنگوں کے ایک پیچیدہ سلسلے کے بعد 1921 سے 1925 کے درمیانی برسوں میں رضا شاہ پہلوی نے حکومت سنبھالی۔ اس دوران سلطنت برطانیہ ایران میں تیل اور گیس کے ذخائر کی صورت میں ایک ایسا خزانہ دریافت کر چکی تھی جو بھلے اہل ایران کے حیطہ خیال سے ماورا تھا لیکن مستقبل پر آنکھ رکھنے والی عالمی طاقتوں سے پوشیدہ نہیں تھا۔ برطانوی حکومت کے ایما پر انگریز سرمایہ کار William Knox D'Arcy نے ایرانی حکومت سے تیل پر اجارے کے لئے معاملات شروع کی اور بالآخر 1908 میں اینگلو پرشین آئل کمپنی کے نام پر محمد علی شاہ قاجار سے ایران میں تیل اور گیس پر ساٹھ برس کے لئے ملکیتی حقوق حاصل کر لیے۔ اس سودے میں ایرانی حکمران کو بیس ہزار پاؤنڈ اور اتنی ہی ملکیت کے حصص ملے نیز آئندہ منافع میں 16 فیصد حصہ دینے کا وعدہ کیا گیا۔

1925 میں رضا شاہ نے پہلوی خاندان کی حکومت قائم کی۔ اس نے 1933 میں داؤد منی مقدم سے سرود شہنشاہی کے عنوان سے ایران کا نیا ترانہ لکھوایا۔ اس ترانے کی موسیقی محمد ہاشم افسر نے مرتب کی۔ پہلا مصرع ہی اعلان کرتا تھا 'شاہنشاہ ما زندہ باد'۔ 'ہمیشہ خواہیم وطن را از دل و جانان' ترانے کا آخری حصہ تھا۔ رضا شاہ پہلوی کی ابدیت کا راز اگست 1941 میں کھلا۔ ایک صبح اہل تہران بیدار ہوئے تو برطانوی اور روسی ٹینک شاہی محل کے دروازے پر کھڑے تھے۔ انہیں روس کو فوجی امداد پہنچانے کے لئے 'غیر جانبدار' ایران سے راستہ درکار تھا لیکن رضا شاہ پہلوی کو مطلع کرنا مناسب نہیں سمجھا گیا۔ بلکہ انہیں معزول کر کے ان کے 22 سالہ صاحبزادے محمد رضا پہلوی کو



حرف رواں
تحریر
ڈاکٹر محمد عمران

تخت نشین کر دیا گیا۔ یہ قبضہ مارچ 1946 تک قائم رہا۔ اس دوران ڈاکٹر محمد مصدق جولائی 1952 میں ایران کے وزیر اعظم منتخب ہو گئے۔ انہوں نے ایرانی وسائل پر بیرونی قبضے کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے تیل اور گیس کو قومیانے کا اعلان کر دیا۔ محمد رضا پہلوی ایران سے اٹلی فرار ہو گئے۔ تاہم برطانیہ سمیت مغربی اقوام کے لئے تیل قومیانے کا اقدام ناقابل قبول تھا۔ امریکی سی آئی اے اور برطانوی خفیہ اداروں نے ایرانی وطن فروشوں سے ساز باز کر کے ڈاکٹر مصدق کے خلاف بغاوت کروا دی۔ چرچل، امریکی وزیر خارجہ جان فاسٹر ڈلس اور ڈائریکٹر سی آئی اے ایلن ڈلس کی یہ سازش اب امریکی تاریخ میں نصابی طور پر تسلیم کی جاتی ہے۔ استعماری طاقتوں کے اسی ساز باز اور ریاستی تشدد کے نتیجے میں شہید ہونے والوں کے لئے فیض صاحب نے جیل میں 'ایرانی طلبا کے نام' اپنے معروف نظم لکھی تھی جسے وہ اپنی بہترین تخلیقات میں شمار کرتے تھے۔

مغربی مدد سے دوبارہ اقتدار میں آنے والا محمد رضا پہلوی خطے میں امریکا اور سرمایہ دار دنیا کا کوتوال ٹھہرا۔ اس کے خفیہ ادارے ساواک نے ایرانی عوام پر عقوبت خانوں کے دروازے کھول دیے۔ ایران کا تعلیم یافتہ اور روشن خیال طبقہ اشتراکی جماعت تودہ پارٹی کا حامی تھا لیکن ان کی تعداد بہت کم تھی۔ ایران کا مراعات یافتہ طبقہ شہنشاہیت کا حامی تھا۔ ناخواندہ عوام کی اکثریت قدامت پسند ملاؤں کی حلقہ بگوش تھی۔ محمد رضا پہلوی کے مستبد طرز حکومت کے باوجود ایران مشرق وسطیٰ میں معاشی ترقی کی علامت سمجھا جاتا تھا۔ 1959 سے 1970 کے عشرے میں ایرانی معیشت کا حجم 8.3 ارب ڈالر سے بڑھ کر 6.10 ارب ڈالر کو جا پہنچا۔ بیرونی سرمایہ کار قطار بنائے ایران کا رخ کر رہے تھے۔ تاہم معاشی ترقی کے اس پردے کی اوٹ میں سیاسی بے چینی پھیل رہی تھی۔ ترقی پسند طبقہ شاہ ایران کو مغرب کی کٹھ پتلی سمجھتا تھا جب کہ قدامت پسند طبقے کو ایرانی معاشرت کی جدید روش سے نفرت تھی۔ ایرانی حکومت کے خفیہ اداروں اور مخالف سازشوں کے ستائے عوام بادشاہت کو مسلط کردہ آمریت سمجھتے تھے۔

1977 کے موسم خزاں میں یہ لاوا پھوٹ بہا۔ چند سو افراد کے احتجاج سے شروع ہونے والی تحریک شہر شہر پھیل گئی۔ ترقی پسند طبقہ اپنے بہتر سیاسی شعور کے باوجود اس نیم شہری بست و در سے محروم تھا جو ملاؤں کو مساجد اور مدارس کی صورت میں دستیاب تھا۔ 1963 میں جلاوطن کیے جانے والی ایک مذہبی پیشوا آیت اللہ خمینی نے کیسٹ ریکارڈ تقریروں سے ایران کے کونے کونے میں آتش بغاوت بھڑکا دی۔ محمد رضا اس عوامی سیلاب کی قوت سمجھنے میں ناکام رہا اور اسے 11 فروری 1979 کو ایران سے فرار ہونا پڑا۔ 28 فروری 1979 کو تہران پہنچنے پر آیت اللہ خمینی کا فقید المثال استقبال کیا گیا۔ جلد ہی واضح ہو گیا کہ ایرانی عوام شہنشاہیت کے پنجہ استبداد سے نکل کر ملاؤں کی آمریت میں گرفتار ہو گئے ہیں۔ ترقی پسند عناصر کو چن چن کر ہلاک کیا گیا۔ ایران پر ایک سخت گیر ملائیت نافذ کر دی گئی۔ عورتیں، طالب علم اور محنت کش اپنے رہے سہے حقوق سے بھی محروم ہو گئے۔ ہزاروں سیاسی کارکن قتل کر دیے گئے۔ ایرانی انقلاب کے ابتدائی برس قتل و غارت سے عبارت تھے۔ ایران کی نو آمدہ حکومت اپنے انقلاب کو مشرق وسطیٰ اور دوسرے خطوں میں برآمد کرنا چاہتی تھی جس سے مشرق وسطیٰ کی موروثی حکومتوں میں بے چینی پھیل گئی۔ ایرانی ملائیت نے مغربی ممالک سے مخاصمت اختیار کرتے ہوئے مشرق وسطیٰ میں اپنے پروردہ مسلح گروہوں کا جال بچھا دیا۔ اکتوبر 2023 سے جون 2025 تک کا تصادم اسی چالیس سالہ کشمکش کا منطقی انجام ہے۔ یہ دیکھنا ابھی باقی ہے کہ ایران کی حکومت حالیہ جنگ میں اپنی واضح جنگی شکست کے بعد کیا راستہ اختیار کرتی ہے۔ ایران دنیا کے ساتھ سفارتی معاملت کا راستہ بھی اپنا سکتا ہے اور درپردہ مسلح مزاحمت کا امکان بھی موجود ہے۔ ہمارے ملک کے ایران سے قدیم تاریخی، ثقافتی اور لسانی تعلقات ہیں اور ہمیں اہل ایران کی سلامتی عزیز ہے۔ تاہم آئندہ لائحہ عمل بہر صورت ایرانی قیادت ہی کو طے کرنا ہے۔

اوزار سے الگورتھم تک تہذیب کا سفر

علی احمد جان

ابتدائی ارتقائی عمل میں، اوزار بنانے کی صلاحیت ہی وہ نمایاں خاصیت تھی جس نے انسان کو بود و باش میں کرہ ارض پر بسنے والے دیگر انواع سے ممتاز کر دیا تھا۔ اوزار سازی میں ہتھیار پہلا اہم قدم تھا۔ جب انسان نے درخت کی شاخوں سے لاٹھی بنائی، پتھر تراش کر نوکیلے اوزار بنائے، اور جسمانی ساخت میں خود سے زیادہ طاقتور جانوروں پر برتری حاصل کرنے کی کوشش کی۔ کھلے آسمان تلے یا غاروں میں رہنے والے دیگر جانوروں کے برعکس، انسان نے پتھروں کی دیوار پر لکڑی کی چھت ڈال کر زیادہ پر آسائش پناہ گاہیں تعمیر کر لی تھیں۔

ارتقائی سائنس کے ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ انسان کو دوسرے جانوروں پر حقیقی برتری صرف اُس وقت حاصل ہوئی جب اُس نے آگ کو دریافت کیا اور قابو میں لایا۔ آگ کو بطور ہتھیار استعمال کرتے ہوئے دوسرے جانوروں کے مسکن جلا کر انہیں محفوظ پناہ گاہوں سے بے دخل کر دینا یا شکاریوں کو بھسم کر دینا، ایسی صلاحیت تھی جس سے دیگر جانور یکسر محروم تھے۔ آگ کی دریافت نے انسان کو خوراک، خاص طور پر شکار کو پکا کر کھانے کی لذت سے بھی آشنا کیا۔ پکا کر کھانے سے نہ صرف انسان کی جسمانی ساخت میں تبدیلی آئی بلکہ اس کی ذہنی کارکردگی میں بھی ارتقائی اضافہ ہوا۔ بعض ماہرین کے مطابق، صحت میں بہتری اور اوسط عمر میں اضافہ بھی پکی ہوئی غذا کھانے کا ہی نتیجہ تھا۔

آگ ہی کی بدولت انسان دھاتوں کی دریافت اور انہیں پگھلا کر اوزار بنانے کے فن سب کی تخلیق آگ (توانائی) اور پہیہ (حرکت) ہی پر انحصار کرتی ہے۔ ایٹم بم سے لے کر آواز کی رفتار سے تیز چلنے والے انجن اور چاند پر انسان کو پہنچانے والے راکٹ تک، سب آگ کی دریافت اور پہیہ جیسی بنیادی ایجادات کی مرہون منت ہیں۔

صنعتی انقلاب کا آغاز یورپ سے ہوا تو غذائی اجناس سے زیادہ خام مال کی ضرورت محسوس ہوئی، نیز صنعتی پیداوار بیچنے کے لیے نئی منڈیوں کی تلاش شروع ہوئی۔ جب ہتھیاروں میں آگ (بارود) شامل ہوئی تو توپ خانہ وجود میں آیا اور فوج، جتھہ داری سے آگے بڑھ کر، ایک منظم پیشہ ور ادارے کی شکل اختیار کر گئی۔ افریقہ، ایشیاء اور امریکہ پر قبضے کر کے نو آبادیاں (کالونیاں) قائم کی گئیں جہاں سے خام مال حاصل کیا جاتا، لوگوں کو غلام بنایا جاتا یا تیار شدہ مصنوعات بیچی جاتی تھیں۔ مغربی سامراجی طاقتوں نے دنیا کو قومی ریاستوں میں تقسیم کیا جس کی بنیاد نسل، زبان اور اپنے تسلط کو برقرار رکھنے پر تھی۔

اب دنیا ارتقائی عمل میں ایک تیسرے انقلاب سے گزر رہی ہے جو کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کی ایجاد کے بعد شروع ہوا۔ معروف مفکر یووال نوح ہراری اس دور کو "انسان کے دیوتا بن جانے کا زمانہ" قرار دیتے ہیں۔ اب انسان بہت سی ایسی صلاحیتوں پر قادر ہے جو پہلے صرف دیوتاؤں یا مافوق الفطرت طاقتوں سے منسوب تھیں، جیسے موسم کی درست پیشین گوئی، بیماریوں کا قبل از وقت پتہ لگانا، گونگوں کو بولنے اور اندھوں کو دیکھنے کی صلاحیت فراہم کرنا۔

مورخ ول ڈیورانٹ کے مطابق، گاڑی زمین پر نہ لڑی جائیں بلکہ خلا میں موجود ممالک ایک دوسرے کی سیٹلائٹس اور ڈیجیٹل صلاحیتوں کو تباہ کرنے کی کوشش کریں۔

ویسے تو دنیا میں ہر شخص ہر ادارہ یا ملک روز ہی آزمائش سے گزر رہا ہے لیکن ہندوستان اور پاکستان کے درمیان ہونے والی محدود جنگی جھڑپوں نے جدید جنگ کے نئے دور کے بارے میں بہت کچھ پہلی بار آزمایا ہے 5۔ جی، جدید مواصلاتی صلاحیتوں، سینسرز اور مصنوعی ذہانت کو استعمال میں لانے کے بعد پہلا اہم تجربہ تھا۔ اس جنگ کا پہلا سبق یہ تھا کہ اب مقابلہ ہاتھوں سے نہیں مشینوں اور الگورتھموں سے ہوگا، دوسرا سبق یہ تھا کہ کمزوری مشین کی نہیں بلکہ اس کو استعمال کرنے والے کی مہارت یا پورے نظام کی ہم آہنگی میں ہوتی ہے۔ تیسرا سبق یہ تھا کہ کامیابی کا انحصار کسی ایک مشین پر نہیں، بلکہ پورے دفاعی یا حملہ آور نیٹ ورک کی ہمہ جہت مربوط کارکردگی پر ہوتا ہے

اس محدود جنگ کے تجربے نے دنیا کی بڑی فوجی طاقتوں کو مستقبل کی تیاری میں قیمتی اسباق فراہم کیے ہیں۔ اب یہ واضح ہو گیا ہے کہ کسی بھی ریڈار پر نظر نہ آنے کے باوجود جدید لڑاکا طیاروں میں کیا کمزوریاں رہ جاتی ہیں، کس قسم کے بغیر پائلٹ ڈرون کتنے کارآمد ہو سکتے ہیں، کون سے میزائل کو روایتی دفاعی نظام سے روکا جا سکتا ہے، اور کس قسم کے نئے حملے اب بھی کامیاب ہو سکتے ہیں۔

بدقسمتی سے جنوبی ایشیا، بالخصوص پاکستان اور ہندوستان، کو اس نئے جنگی دور کے آغاز میں تختہ مشق بنا دیا گیا ہے۔ ان دونوں ممالک کی نصف سے زیادہ آبادی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہی ہے۔ معاشی اشاریوں میں جاپان کو پیچھے چھوڑنے کے دعویدار ہندوستان میں کروڑوں افراد آج بھی بیت الخلا جیسی بنیادی سہولت سے محروم ہیں۔ ایٹمی صلاحیت کے زعم میں کھوئے ہوئے ان ممالک میں کروڑوں بچے سکولوں سے باہر ہیں۔ دونوں ممالک میں زچگی کے دوران اموات کی شرح عالمی معیار سے کہیں زیادہ ہے۔ ایک دوسرے کے دریاؤں پر حق جتانے والے ان ممالک میں کروڑوں شہریوں کو پینے کا صاف پانی میسر نہیں۔

آبادی میں بے تحاشا اضافے اور خوراک کی قلت کا شکار جنوبی ایشیا میں اب جدید ترین ٹیکنالوجی سے لیس جنگیں لڑی جائیں گی۔ ان کے ہتھیار وہ طاقتیں فراہم کریں گی جن کے لئے جنگ ایک کھیل تماشا یا وار گیم ہے۔ یہ پہلے دور کی زمین اور خوراک کے لئے لڑی جانے والی جنگوں یا دوسرے دور کی صنعتی پیداوار کے خام مال اور منڈیوں کے لئے لڑی جانے والی جنگوں کی طرح ہی اب نئی ایجادات (جیسے جدید الیکٹرانکس، بیٹریاں

اجودھن کو پاکپتن شریف بنا دیا۔ یہیں بقیہ عمر گزاری اور اشاعت علم اور خدمت خلق کو اپنا شعار بنائے رکھا۔ اس چھوٹے سے قصبہ سے علم و نور کے وہ مینار قائم ہوئے کہ صدیاں بیت گئیں لیکن رشد و ہدایت کے سلسلے اب بھی جاری ہیں۔ تصوف کی شہرہ آفاق کتاب عوارف المعارف کے علاوہ سید حسن سیغانی کی احادیث پہ مشتمل کتاب مشارق الانوار کی سبقا سبقا تعلیم دیا کرتے اور لوگوں کو خدا آشنا کرتے۔ خواجہ قطب الدین نے 1 بار فرمایا تھا فرید تمہارے دروازے سے قیامت تک جو بھی گزرے گا ان شاءاللہ وہ جنتی ہوگا اور خزین الاصفیا میں ہے کہ خواجہ نظام الدین محبوب الٰہی نے بنظر کشف اس دروازے پہ حضور نبی آخر الزمان ﷺ کو یہ فرماتے سنا کہ جو اس دروازے میں داخل ہوگا اسے امان ملے گی۔ اس دن سے بابا جی کے مزار کا دوسرا دروازہ 'بہشتی دروازہ' کہلاتا ہے۔ اس باب جنت سے ہر سال لاکھوں افراد گزرتے ہیں اور یہ عہد کرتے ہیں کہ اے اللہ جیسی زندگی تیرے فرید نے گزاری ہم بھی اسی روش پہ چلنے کے لیے تیری نگاہ کرم کے محتاج ہیں۔ بابا فرید 5 محرم الحرام 664 ہجری کو اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ آپ کے مزار کی تعمیر کے وقت دہلی سے خواجہ نظام پاک نے جو حفاظ بلوائے تھے انہوں نے ہر اینٹ پہ مکمل قرآن پاک کی تلاوت کی۔ آپ کا مزار آج بھی مرجع خلائق ہے۔ آپ کا عرس مبارک ہر سال 25 ذی الحج سے 10 محرم الحرام تک منایا جاتا ہے جبکہ بہشتی دروازہ 5 محرم سے 10 محرم تک 5 راتوں کے لیے کھولا جاتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے زائرین کے بڑھتے ہجوم کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ دروازہ یکم محرم سے 10 محرم تک کھولا جائے۔ اور زائرین سے بھی گزارش ہے کہ وہ اس عظیم ہستی کے در پہ ڈھول کی تھاپ پہ رقص کرتے ہوئے چادر چڑھانے کی بجائے لب پہ درود و سلام اور دل میں عقیدت لیے تشریف لائیں اور بابا جی کے اس دعائمہ شعر کا مصداق بنیں: بہیں

اٹھ فریدا ستیاتے میلہ دیکھن جا
جے لبھ جائے کوئی بخشیا تے توں وی بخشا جا



تحریر و ترتیب: ڈاکٹر علامہ بختیار احمد ڈاہو

حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر

برصغیر پاک و ہند جو سالہا سال جہالت و جادو گری میں گرفتار اور ہزار ہا بتکدوں سے گھرا خطہ تھا۔ اسے توحید و رسالت سے منور کرنے کا سہرا یقیناً صوفیا کرام کے سر سجتا ہے۔ انہی صوفیا کرام میں ایک اہم نام فرید الدین مسعود گنجشکر کا بھی ہے۔ آپ 1175 عیسوی میں ملتان سے 12 میل کی مسافت پر کھتوال یا کوٹھے وال کے مقام پہ شیخ قاضی جمال الدین سلیمان کے گھر پیدا ہوئے۔ آپ کی والدہ بی بی قرسم خاتون ایک تہجد گزار اور ولیہ خاتون تھیں جن کے زہد و تقویٰ کا زمانہ معترف ہے۔ کچھ روایات کے مطابق آپ کا سلسلہ خلیفہ دوم حضرت عمر بن خطاب کے ساتھ جا ملتا ہے ابا فرید کا خاندان شرافت نجابت اور علمی وجاہت میں ایک مثالی خاندان تھا یہی وجہ ہے کہ 12 سال کی عمر میں آپ قرآن مجید حفظ کر چکے تھے۔ اس کے علاوہ بابا فرید حصول علم کے لیے ملتان، قندھار، بدخشان، بخارا اور بغداد بھی گئے اور جید علما اور حق گو صوفیا کرام سے اکتساب فیض کیا۔ زمانہ طالب علمی میں ہی ایک بار مسجد میں خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اوشی کی زیارت ہوئی اور ان کو دیکھتے ہی بابا جی نے ان کی صحبت میں رہنے کی خواہش کا اظہار کیا لیکن خواجہ صاحب نے علم دین کے حصول پہ زور دیا اور فرمایا علم حاصل کرو کیونکہ بے علم زاہد شیطان کا مسخرہ ہوتا ہے۔ یہ جملہ دور حاضر کے ہر اس پانچویں فرد کے لیے تازیانہ عبرت ہے جو فقیری اور تصوف سے نابلد ہونے کے باوجود خود کو صوفی صادق اور تصوف کا راہرو کہلانے پہ مصر ہے۔ تحصیل علم کے بعد آپ پھر مرشد گرامی کے آستانہ پہ دہلی حاضر ہوئے اور خرقہ خلافت سے نوازے گئے۔ آپ کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ آپ کو بیک وقت آپ کے پیرو مرشد خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اوشی سمیت سلطان الہند خواجہ معین الدین چشتی اجمیری المعروف خواجہ غریب نواز رحمتہ اللہ علیہ نے روحانی قوت عطا کی۔ اس موقع پر سلطان الہند نے یہ تاریخی الفاظ ادا کیے کہ قطب الدین تم ایک ایسے شہباز کو لائے ہو کہ جس کا ٹھکانہ کہیں اور نہیں بلکہ سدرۃ المنتہیٰ پر ہے۔ جو خاصیت بابا فرید کو دوسرے رہروانِ جادہ سلوک سے ممیز کرتی ہے، وہ ان کی انتہائی سخت ریاضتیں اور مجاہدے ہیں۔ ایسے معلوم ہوتا ہے کہ آغاز شباب سے لے کر بڑھاپے تک آپ نے سخت ریاضتیں کرنا کبھی ترک نہیں کیا۔ چلہ کشی اور رات رات بھر عبادات میں کھڑے رہنا، مستقل روزے رکھنا اور افطار پر بھی بہت تھوڑا کھانا اور محتاجوں کی دستگیری کے لئے اپنا سکون ترک کر دینا آپ کا طریق رہا۔ یہی وجہ ہے کہ ریاضت کے دوران پیٹ پہ باندھے والی لکڑی کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں روٹی، میری کاٹھ دی، لاون، میری بھکھ جہاں کھاہدی چوپڑی، گھنے، سہن گے دکھ (یعنی میری روٹی کاٹھ) لکڑی (کی ہے اور بھوک ہی میرا سالن ہے۔ جو لوگ چپڑی روٹی کھاتے ہیں وہ تکلیف بھی زیادہ برداشت کریں گے۔ یعنی روز حشر اس کا حساب بھی اسی طرح سے دینا ہوگا۔ آپ کا یہ اسلوک آپ کے اس زہد کی طرف رہنمائی کرتا ہے جس کی وجہ سے آپ کا لقب زہد الانبیا معروف ہوا۔ بابا فرید الدین گنج شکر نے رنگ، نسل اور مذہب سے بالاتر ہو کر ہمیشہ انسانیت کی بات کی۔ ایک بار انہیں کسی نے قیمتی نما قطع کرنے والی چیز تحفتاً دینا چاہی تو انہوں نے کہا کہ مجھے قینچی کا نہیں سوئی کا تحفہ دو۔ کیونکہ قینچی الگ کر دیتی ہے اور سوئی قیمت دیکھتی ہے نہ رنگ، بس یہ آپس میں ملاتی ہے۔

مسجد اقصیٰ میں قیام:

آپ مسجد اقصیٰ میں چلہ کش بھی رہے۔ تقریباً آٹھ صدیاں قبل پہلے صلیبی لشکر کی شکست کے دس برس بعد یروشلم پہنچے اور وہاں قیام کیا، مسجد اقصیٰ میں بوقت صبح جاروب کشی کرتے اور پھر اپنا دن ایک قریبی حجرے میں بسر کرتے۔ یہاں وہ روزہ رکھتے اور خاموشی اختیار کرتے۔ ان کا سارا وقت ذکر و فکر میں گزرتا۔ اپنی عبادت و ریاضت کی وجہ س





پاکستان اور انگلینڈ کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میچ سے قبل اسسٹنٹ کوچ اظہر محمود ملتان میں پریس کانفرنس کررہے ہیں



لاہور باغبانپورہ کے علاقے میں بچے گلی میں کھیل کود میں مصروف ہیں

بلاوائیو ٹیسٹ: جنوبی افریقا کی زمبابوے کیخلاف 216 رنز کی مجموعی برتری

بلاوائیو (این این آئی) جنوبی افریقا نے زمبابوے کے خلاف دوسری اننگز میں 1 وکٹ پر 49 رنز بنا لیے۔ بلاوائیو ٹیسٹ میں زمبابوے کے خلاف جنوبی افریقا کی مجموعی برتری 216 رنز ہوگئی ہے۔ ٹونی ڈیزورزئی 22 اور ویان مولڈر 25 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ ہیں جبکہ میتھیو 1 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے۔ اس سے قبل زمبابوے کی ٹیم پہلی اننگز میں 251 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئی تھی، شان ولیمز نے 137 رنز کی اننگز کھیلی۔ ٹونی ڈیزورزئی 22 اور ویان مولڈر 25 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ ہیں

چھکا لگاتے ہی بلے باز کی موت ہوگئی، دل دہلا دینے والی ویڈیو وائرل

ویڈیو میں چھکا لگانے کے بعد بلے باز کو پیچ پر گھٹنوں کے بل بیٹھتے اور پھر گرتے دیکھا جا سکتا ہے

فیروز پور (این این آئی) سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر ایک دل دہلا دینے والی ویڈیو زیر گردش ہے جس میں چھکا لگاتے ہی بلے باز موت کے منہ میں چلا گیا۔ انڈین میڈیا کے مطابق وائرل ویڈیو بھارتی ریاست پنجاب کے شہر فیروز پور کی ہے جس میں دیکھا جا سکتا ہے کہ بلے باز گیند پر چھکا لگتا ہے۔ تاہم چھکا لگانے کے بعد بلے باز کو پیچ پر گھٹنوں کے بل بیٹھتے اور پھر گرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ بلے باز کو بے ہوش دیکھ کر باقی کھلاڑی دوڑ پڑتے ہیں اور اسے سی پی آر (کارڈیو پلمونری ریسسیٹیشن) کی کوشش کرتے ہیں، تاہم وہ موت کے منہ میں چلا جاتا ہے۔ اس کی شناخت ہرجیت سنگھ کے نام سے ہوئی جسے کرکٹ کھیلنے کے دوران دل کا دورہ پڑا۔ ہرجیت سنگھ فیروز پور کے ڈی اے وی اسکول گراؤنڈ میں کرکٹ کھیل رہا تھا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل جون 2024 میں بھی ایسا ہی ایک واقعہ ممبئی میں پیش آیا تھا جہاں کرکٹ میچ کے دوران ایک 42 سالہ شخص کی بھی موت ہوگئی تھی۔ اس کی شناخت رام گنیش تیوار کے نام سے ہوئی تھی، وہ شہر کے کشمیرا علاقے میں ایک فارم ہاؤس میں ایک کمپنی کی طرف سے منعقدہ میچ میں چھکا لگانے کے فوراً بعد گر گیا تھا۔ رام گنیش تیوار کو فوری طور پر اسپتال لے جایا گیا جہاں پہنچنے پر اسے مردہ قرار دے دیا گیا تھا۔ حالیہ دنوں میں بھارت میں دل کا دورہ پڑنے سے لوگوں کی موت کے متعدد واقعات رپورٹ ہوئے ہیں۔

انگلش وکٹ کیپر بیٹر سیم بلنگز بگ بیش لیگ سیزن 15 میں پرجوش

شاہین آفریدی نہ صرف ایک بہترین حریف ہیں بلکہ وہ ان کے قریبی دوست بھی ہیں، گفتگو

لاہور (این این آئی) انگلش وکٹ کیپر بیٹر سیم بلنگز نے بگ بیش لیگ سیزن 15 میں پاکستانی فاسٹ بولر کا سامنا کرنے پر مسرت اور جوش کا اظہار کیا ہے۔ ٹورنامنٹ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے بلنگز نے شاہین شاہ آفریدی کی عالمی سطح پر شاندار کارکردگی کی تعریف کی اور اس بات کو سراہا کہ بی بی ایل جیسے مقابلے میں ایسے کھلاڑی کی موجودگی خود ٹورنامنٹ کے معیار کو بڑھاتی ہے۔ انگلینڈ کرکٹر بلنگز کا کہنا تھا کہ وہ شاہین سے میدان میں ٹکرانے کے لیے پرجوش ہیں کیونکہ وہ ایک ورلڈ کلاس بولر ہیں جن کے خلاف کھیلنا ہمیشہ ایک چیلنج ہوتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ شاہین آفریدی نہ صرف ایک بہترین حریف ہیں بلکہ وہ ان کے قریبی دوست بھی ہیں، اس لیے بی بی ایل میں ان کے خلاف مقابلے دلچسپ اور دوستانہ ماحول میں ہوں گے۔ سیم بلنگز نے حالیہ دنوں ایک پوڈکاسٹ پر گفتگو کے دوران پاکستانی بیٹر بابر اعظم کی بھی تعریف کی۔ بلنگز نے انہیں ''کنگ بابر اعظم'' کہہ کر مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ کئی برسوں سے عالمی کرکٹ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کررہے اور ان کی موجودگی کسی بھی لیگ کو چار چاند لگا دیتی ہے، میں بابر اعظم کے خلاف کئی بار کھیل چکا لیکن اب خواہش ہے کہ ان کے مخالف کے بجائے ان کے ساتھ کھیلوں۔ بلنگز نے انہیں ''کنگ بابر اعظم'' کہہ کر مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ کئی برسوں سے عالمی کرکٹ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کررہے اور ان کی موجودگی کسی بھی لیگ کو چار چاند لگا دیتی ہے، میں بابر اعظم کے خلاف کئی بار کھیل چکا لیکن اب خواہش ہے کہ ان کے مخالف کے بجائے ان کے ساتھ کھیلوں۔

محمد سراج کا بلاّ نامعلوم شخص نے توڑ دیا، بھارتی کرکٹر غصت میں لال پیلے ہوگئے

سراج واضح طور پر ناراض دکھائی دیے، غصے سے تیز نظر بھی دوڑائی، لیکن کچھ ہی لمحوں بعد وہ خود ہنس پڑے

برمنگھم (این این آئی) بھارتی فاسٹ بولر محمد سراج کا بیٹ نامعلوم شخص نے توڑ دیا جس کے بعد کرکٹر نے برہمی کا اظہار کیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق فاسٹ بولر محمد سراج اس وقت ایک دلچسپ واقعے کا مرکز بنے جب بھارت نے انگلینڈ کے خلاف دوسرے ٹیسٹ کی تیاریوں کے دوران برمنگھم میں نیٹ پریکٹس کی۔ ایجبسٹن میں 2 جولائی سے شروع ہونے والے ٹیسٹ سے قبل کھلاڑی پریکٹس میں مصروف تھے، مگر سراج کے ٹوٹے ہوئے بیٹ پر ردِعمل نے اس سنجیدہ ماحول میں ایک لمحے کے لیے ہنسی کا عنصر شامل کر دیا۔ ہیڈنگلے میں کھیلے گئے پہلے ٹیسٹ میں بھارت کے نچلے آرڈر کی ناکامی کے بعد، ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر اور بیٹنگ کوچ سیتانشو کوٹک نے بولرز کو بیٹنگ میں اضافی محنت کرنے کی ہدایت دی ہے۔ محمد سراج بھی اس امید میں نیٹ سیشنز میں بھرپور محنت کررہے ہیں کہ تاکہ ایک قابل اعتماد ٹیل اینڈ بیٹر ثابت ہوں۔ تاہم ایک سیشن کے دوران جب انہوں نے اپنے بیٹ میں خرابی محسوس کی تو ان کا ردِعمل نہایت دلچسپ اور ڈرامائی تھا۔ ٹائمز آف انڈیا کی جانب سے جاری کی گئی ایک تربیتی ویڈیو میں سراج کو کہتے ہوئے سنا جا سکتا ہے کہ میرا بیٹ کیسے ٹوٹ گیا؟ کس نے میرا بیٹ توڑا یار؟ پہلے تو سراج واضح طور پر ناراض دکھائی دیے

اسکواش، سعدیہ گل نے نیشنل جونیئر اینڈ ویمنز اسکواش چیمپئن شپ جیت لی

بوائز انڈر 15 میں حذیفہ شاہد، انڈر 13 میں راحیل وکٹر اور انڈر 9 میں آبان خان چیمپئن بن گئے

کراچی (این این آئی) اسکواش کھلاڑی سعدیہ گل نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نیشنل جونیئر اینڈ ویمنز اسکواش چیمپئن شپ ویمنز ٹائٹل جیت لیا۔ بوائز انڈر 15 میں حذیفہ شاہد، انڈر 13 میں راحیل وکٹر اور انڈر 9 میں آبان خان چیمپئن بن گئے۔ اختتامی تقریب کے مہمانِ خصوصی یوایس قونصل جنرل اسکاٹ اربوم تھے، جنہوں نے مہمانِ اعزازی اسکواش لیجنڈ جہانگیر خان کے ہمراہ انعامات تقسیم کیے، اس موقع پر ٹورنامنٹ ڈائریکٹر عدنان اسد اور دیگر بھی موجود تھے۔ پی ایس ایف جہانگیر خان اسکواش کمپلیکس پی ایس بی کراچی سینٹر پر سندھ اسکواش ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام منعقدہ 8 لاکھ روپے مالیت کی انعامی رقم کی حامل چیمپئن شپ میں گزشتہ روز تمام کیٹیگریز کے فائنلز کھیلے گئے۔ ویمنز کے فائنل میں سعدیہ گل نے دامیہ خان کو، بوائز انڈر 15 کے فائنل میں سندھ کے حذیفہ شاہد نے کے پی کے دانش سکندر کو، بوائز انڈر 13 کے فائنل میں ٹاپ سیڈ راحیل وکٹر نے فہد خان کو، بوائز انڈر 9 کے فائنل میں نمبر 2 سیڈ آبان خان نے ٹاپ سیڈ ایم بن نسیم کو شکست دی۔ واضح رہے کہ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے واپڈا اور آرمی سمیت مختلف محکموں اور صوبوں کے 200 سے زائد کھلاڑیوں نے شرکت کی تھی۔



انگلینڈ کے کپتان بین سٹوکس رانچی کے سٹیڈیم میں انڈیا کے خلاف اپنے چوتھے ٹیسٹ کرکٹ میچ کے اختتام پر ایک پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

اسٹار فٹبالر لیونل میسی کی انٹر میامی ٹیم فیفا کلب ورلڈ کپ سے باہر

ارجنٹینا (این این آئی) ارجنٹینا کے اسٹار فٹبالر لیونل میسی کی انٹر میامی ٹیم فیفا کلب ورلڈ کپ سے باہر ہوگئی۔ پی ایس جی نے صفر کے مقابلے میں 4 گول سے شکست دے کر انٹر میامی کو ایونٹ سے باہر کر دیا۔ میچ کے تمام گول پہلے ہاف میں ہوئے، پی ایس جی کی جانب سے جواؤ نیویس نے 2 گول کیے۔ دوسری جانب عالمی شہرت یافتہ فٹبال اسٹار کرسٹیانو رونالڈو نے کلب ورلڈ کپ میں شرکت کی پیشکش کو مسترد کر دیا ہے۔ رونالڈو نے سعودی کلب النصر کے ساتھ 2 سالہ نئے معاہدے پر دستخط کے بعد ویڈیو پیغام میں کہا کہ میرے پاس کچھ پیشکشیں تھیں کہ میں کلب ورلڈ کپ میں کھیلوں، لیکن میں نے سوچا یہ کوئی معنی نہیں رکھتا،



انگلینڈ کے ہیری بروک ہیڈنگلے ٹیسٹ کے دوران انڈین بولر محمد سراج کی گیند پر رنز بناتے ہوئے (اے ایف پی)

انٹرنیشنل



غزہ: شمالی غزہ کے وسطی جبالیہ میں الحلمی جنکشن پر اسرائیلی حملوں کے بعد رہائشی مکانات میں وسیع پیمانے پر تباہی

خلیج تعاون کونسل کے ساتھ مکمل تعاون کے لیے تیار ہیں، ایرانی صدر

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران خلیج تعاون کونسل کے ساتھ مکمل تعاون کے لیے تیار ہے اور اس کے ذریعے خلیجی خطے میں اپنے پڑوسیوں کے ساتھ تعلقات میں ایک نیا باب کھولنا چاہتا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق ایرانی صدر نے یہ بھی کہا کہ پڑوسیوں کے ساتھ تعلقات کو فروغ دینا اور علاقائی ممالک کے ساتھ تعلقات کو وسعت دینا ایران کی بنیادی حکمت عملی ہے اور ان کی حکومت اس پالیسی کو آگے بڑھانے میں خصوصی دلچسپی لے رہی ہے۔ پڑوسیوں اور علاقائی ممالک کے ساتھ تعلقات کو وسعت دینا ایران کی بنیادی حکمت عملی ہے، پزشکیان

ایرانی رہنماؤں اور علماء کی جنازہ نماز میں بڑی تعداد میں لوگ شریک ہوئے، جو اسرائیلی قبضے کی ایران کے خلاف جارحیت میں شہید ہوئے

سعودی شہریوں میں بے روزگاری کی شرح تاریخ کی کم ترین سطح پر پہنچ گئی

سنہ 2025 کی پہلی سہ ماہی میں سعودی شہریوں میں بے روزگاری 6.3 فیصد، مجموعی شرح 2.8 فیصد رہی، رپورٹ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی جنرل اتھارٹی برائے شماریات کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق سال 2025 کی پہلی سہ ماہی میں سعودی شہریوں اور غیر ملکیوں پر مشتمل مجموعی بے روزگاری کا تناسب 2.8 فیصد ریکارڈ کی گیا، جو کہ ملکی تاریخ کی کم ترین سطح ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ شرح پچھلی سہ ماہی یعنی 2024 کی چوتھی سہ ماہی کے مقابلے میں 0.7 پوائنٹس کم رہی، اور سالانہ اعتبار سے بھی اسی شرح سے کمی ہوئی۔ سعودی شہریوں میں بے روزگاری کی شرح پہلی سہ ماہی میں 6.3 فیصد ریکارڈ کی گئی، جو تاریخ کی کم ترین سطح ہے۔ یہ شرح 2024 کی چوتھی سہ ماہی کے مقابلے میں 0.7 پوائنٹس اور سالانہ بنیاد پر 1.3 پوائنٹس کم رہی۔ اعداد و شمار کے مطابق پہلی سہ ماہی میں سعودی شہریوں میں روزگار حاصل کرنے والے افراد کا تناسب 0.5 پوائنٹس بڑھ کر 48.0 فیصد تک پہنچا، جو کہ پچھلی سہ ماہی اور پچھلے سال کی اسی مدت کے مقابلے میں بہتری کی علامت ہے۔ اسی طرح، سعودی شہریوں کی مجموعی افرادی قوت میں شرکت کی شرح 0.2 پوائنٹس کے اضافے سے 51.3 فیصد رہی، اگرچہ یہ سالانہ بنیاد پر 0.1 پوائنٹس کم ہے۔ جبکہ سعودی اور غیر سعودی دونوں کو شامل کرتے ہوئے مجموعی افرادی قوت میں شرکت کی شرح 68.2 فیصد ریکارڈ کی گئی، جو پچھلی سہ ماہی کے مقابلے میں 1.8 پوائنٹس اور سالانہ بنیاد پر 2.2 پوائنٹس زیادہ ہے۔ 2025 کی پہلی سہ ماہی میں سعودی خواتین کی افرادی قوت میں شرکت 0.3 پوائنٹس کے اضافے سے 36.3 فیصد تک پہنچ گئی، جبکہ ان میں روزگار پانے والی خواتین کا تناسب 0.7 پوائنٹس بڑھ کر 32.5 فیصد ہوگیا۔ دوسری جانب، خواتین میں بے روزگاری کی شرح 1.4 پوائنٹس کی کمی سے 10.5 فیصد رہی۔ سعودی مردوں کے حوالے سے رپورٹ میں بتایا گیا کہ افرادی قوت میں ان کی شرکت 0.2 پوائنٹس کے اضافے سے 66.4 فیصد رہی، جب کہ روزگار یافتہ مردوں کا تناسب 63.8 فیصد تک پہنچا۔ ان میں بے روزگاری کی شرح کم ہو کر 4.0 فیصد رہ گئی۔ 15 سے 24 سال کی عمر کی سعودی خواتین میں ملازمت حاصل کرنے کا تناسب 0.7 پوائنٹس کے اضافے سے 14.6 فیصد ریکارڈ کیا گیا، جب کہ افرادی قوت میں ان کی شرکت 1.1 پوائنٹس بڑھ کر 18.4 فیصد تک پہنچی۔ تاہم، اسی عمر کی خواتین میں بے روزگاری کی شرح 0.8 پوائنٹس بڑھ کر 20.7 فیصد ہوگئی۔ اس کے برعکس، نوجوان سعودی مردوں میں ملازمت کا تناسب 0.5 پوائنٹس کم ہو کر 29.2 فیصد اور افرادی قوت میں شرکت 0.8 پوائنٹس کم ہو کر 33.0 فیصد ہوگئی۔ ان میں بے روزگاری کی شرح 0.6 پوائنٹس کم ہو کر 11.6 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ 25 سے 54 سال کی عمر کے سعودی مرد و خواتین میں ملازمت حاصل کرنے کا تناسب 1.0 پوائنٹس کے اضافے سے 65.9 فیصد تک پہنچ گیا، جبکہ افرادی قوت میں شرکت 0.4 پوائنٹس بڑھ کر 69.6 فیصد رہی۔ بے روزگاری کی شرح کم ہو کر 5.4 فیصد رہ گئی۔ رپورٹ کے مطابق، 94.8 فیصد سعودی بے روزگار افراد نجی شعبے میں ملازمت کی پیشکش قبول کرنے کو تیار ہیں۔ 58.7 فیصد خواتین اور 40.4 فیصد مرد بے روزگار ایسے ہیں جو کام پر پہنچنے کے لیے زیادہ سے زیادہ ایک گھنٹے کی مسافت برداشت کر سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں 76.1 فیصد سعودی خواتین اور 86.3 فیصد سعودی مرد بے روزگاروں نے روزانہ آٹھ گھنٹے یا اس سے زیادہ کام کرنے پر آمادگی ظاہر کی ہے۔

کئی ٹن منشیات کی سمگلنگ ناکام بنا دی، شامی عہدیدار

اہم پیشرفت سعودی عرب کے ساتھ ہم آہنگی کے بعد ہوئی، عرب ٹی وی سے گفتگو

ریاض (این این آئی) سعودی عرب اور شام کے انٹیلی جنس اور سکیورٹی تعاون کے فریم ورک کے تحت شام کے انسدادِ منشیات کا ادارہ سعودی حکام کے ساتھ منشیات کی سمگلنگ کو روکنے کے لیے بھرپور ہم آہنگی سے کام کر رہا ہے۔ عرب ٹی وی سے بات چیت میں شام کی انسدادِ منشیات انتظامیہ کے عہدیدار انور عبدالغنی نے بتایا کہ "سعودی-شامی ہم آہنگی نے کئی ٹن ممنوعہ اور منشیات کے مواد کی سمگلنگ کو ناکام بنانے میں مدد کی ہے۔ اس دوران سعودی وزارت داخلہ نے انسدادِ منشیات کے جنرل ڈائریکٹوریٹ کی نمائندگی کرتے ہوئے شام میں اپنے ہم منصب ادارے کو مجرمانہ نیٹ ورکس کی سرگرمیوں سے متعلق سکیورٹی معلومات فراہم کیں۔ یہ نیٹ ورکس منشیات کی سمگلنگ میں ملوث تھے۔ ان معلومات کے نتیجے میں شامی وزارت داخلہ نے 200,000 سے زائد ایمفیٹامین کی گولیاں سمگل کرنے کی کوشش کو ناکام بنا دیا۔ شامی انسدادِ منشیات انتظامیہ کے عہدیدار انور عبدالحئی نے سعودی عرب کے ساتھ ہم آہنگی کی ضرورت پر زور دیا اور کہا ہم ایسے ہم آہنگی سے کام کر رہے ہیں جیسے ہم ایک ہی سکیورٹی ادارے میں ہوں۔ ہمارا ریاض کے ساتھ اعلیٰ سطح کا رابطہ ہے۔ انہوں نے منشیات کے خلاف جنگ کے شعبے میں سعودی عرب کے ساتھ تجربات کے تبادلے کی موجودگی کا بتایا اور کہا ان کا ملک معلومات کے تبادلے اور تیاری کے لیے تمام پڑوسی ممالک کے ساتھ ہم آہنگی سے کام کر رہا ہے۔ انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ شام میں سمگلنگ نیٹ ورکس سابق نظام کی سرپرستی میں کام کر رہے تھے۔ دونوں ملک منشیات کے پھیلاؤ کو محدود کرنے کے لیے منشیات کے سمگلروں اور تقسیم کاروں کا پیچھا کرنے کے لیے مسلسل کوششیں کر رہے ہیں۔ اسی جدوجہد کے نتیجے میں گزشتہ مہینوں کے دوران لاکھوں گولیوں کی منشیات کی سمگلنگ کی کوششیں ناکام بنائی گئی ہیں۔ شام میں سکیورٹی کام کے نظام کو بہتر بنانے کے مقصد سے سعودی وزارت داخلہ نے گزشتہ اپریل میں شام سے ایک سکیورٹی وفد کی میزبانی کی تھی

ایران اسرائیلی جنگ بندی کے بعد خطے کا بیانیہ

ابراہم معاہدہ اہم ہوجائے گا، نئے منظر نامے میں ترکیہ اہم کردار کا حامل ہوگا، رپورٹ

انقرہ (این این آئی) ترکیہ میں امریکی سفیر نے ایران اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی کے بعد مشرق وسطیٰ میں سفارتی رسوخ کے نئے دروازے کھلنے کی پیشگی اطلاع دیتے ہوئے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ نئی شاہراہ پر چلنے والا ہے۔ اس نئے منظر نامے میں ترکیہ اہم کردار کا حامل ہو گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی سفیر ٹام براک نے کہا وہ دیکھ رہے ہیں کہ ایران اور اسرائیل کے درمیان جو کچھ ہوا ہے وہ سب کے لیے ایک موقع پیدا کرنے والا ہے۔ ان کا کہنا تھا وقت نوٹ کر لیا جائے ہمیں ایک نئی شاہراہ بنانا ہے۔ جس پر ترکیہ کا کردار کلیدی حیثیت کا ہوگا۔ خیال رہے خبر رساں ادارے 'اندولو' سے بات کرنے والے یہ امریکی سفیر شام کے لیے امریکہ کے خصوصی ایلچی بھی ہیں۔ وہ بڑے یقین کے ساتھ کہہ رہے تھے کہ خطے کے لوگ وہی پرانی اور گھسی پٹی 'فلم دیکھ دیکھ' کرتنگ آ چکے ہیں۔ اس لیے اب ضروری ہوگیا ہے کہ کچھ نیا کیا جائے اور پچھلی کئی دہائیوں کی کہانی کو نیا رخ دیا جائے۔ کیونکہ مشرق وسطیٰ نئے مکالمے کے لیے تیار ہے۔ تو کیا شام میں نئی حکومت لاتے ہوئے تمام متعلقہ کردار اس ایران اسرائیل جنگ کے ممکنہ منصوبے سے آگاہ تھے۔ کیا یہ سب کچھ جو ماہ جون میں اسرائیل اور ایران کے درمیان ہوا ہے سب کو اعتماد میں لے کر کیا گیا ہے۔ کیا ترکیہ کا رخ اب سعودی عرب سے ہٹ کر ایران پر مرتکز ہوگا۔ ترکیہ نے بظاہر ان پہلوؤں پر بات نہیں کی ہے۔ البتہ انہوں نے یہ واضح کیا ہے کہ اسلسلے میں عمل کو نئے سرے سے دیکھا جا رہا ہے اور علاقے کی سطح پر موجود پڑوسی ممالک کے لیے ضروری ہے کہ وہ 'نئے' معاہدات تک پہنچیں۔ انہوں نے خطے کے کھلاڑیوں میں سے دو کا نام لیا مستقبل کی ایک جھلک پیش کرتے ہوئے کہا شام کے صدر احمد الشرع کہہ چکے ہیں کہ وہ اسرائیل سے نفرت نہیں کرتے ہیں۔ امریکی سفیر نے لبنان کے بارے میں بھی یہی خبر دی ہے

شاباک کا حماس کے سب سے بڑے سیل کو تباہ کرنے کا اعلان

غزہ (این این آئی) اسرائیلی جنرل سکیورٹی سروس (شاباک) نے اعلان کیا ہے کہ اس نے مغربی کنارے کے الخلیل شہر میں حماس سے تعلق رکھنے والے سب سے بڑے سیل کا سراغ لگا کر اس کے ارکان کو پکڑ لیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شاباک نے اس سیل کو حالیہ برسوں میں دریافت ہونے والے سب سے بڑے سیلز میں سے ایک قرار دیا۔ شاباک نے بتایا کہ گزشتہ تین ماہ کے دوران روزانہ کی کارروائیوں میں مغربی کنارے کے جنوب میں واقع شہر الخلیل میں 60 سے زیادہ مشتبہ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ شاباک کے مطابق یہ نیٹ ورک اسرائیل اور مغربی کنارے پر فوری حملوں کی منصوبہ بندی کر رہا تھا۔!



غزہ: شمالی غزہ کے وسطی جبالیہ میں الحلمی جنکشن پر اسرائیلی حملوں کے بعد رہائشی مکانات میں وسیع پیمانے پر تباہی



9 اپریل 2025 کو چنئی میں کپالیشورار مندر کے رتھ میلے میں ہندو عقیدت مندوں کا ہجوم ہے (

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو کا ممکنہ سیلاب کے دوران استعمال ہونے والے حفاظتی ٹینٹوں سمیت دیگر سامان اور مشینری کا جائزہ

ممکنہ سیلاب اور مون سون بارشوں کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ کسی بھی ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔ڈپٹی کمشنر ننکانہ محمد تسلیم اختر راو



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ممکنہ سیلاب اور مون سون بارشوں کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ کسی بھی ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے ،عوام الناس کی جان و مال کی حفاظت کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے ان خیالات کا اظہار ریسکیو 1122 کے دفتر میں ممکنہ سیلاب کے دوران استعمال ہونے والے حفاظتی ٹینٹوں سمیت دیگر سامان اور مشینری کا جائزہ لیتے ہوئے کیا۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل شاہد کھوکھر،ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 اکرم پنوار سمیت ریسکیو 1122 کے افسران و اہلکاران بھی اس موقع پر موجود تھے۔ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 اکرم پنوار نے ڈپٹی کمشنر ننکانہ کو ممکنہ سیلاب سے نمٹنے کے لیے ضلعی انتظامیہ اور ریسکیو 1122 کی جانب سے کیے گئے حفاظتی انتظامات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے سیلاب کے خطرے سے نمٹنے کے لیے استعمال ہونے والے سامان کو چیک کیا اور ریسکیو 1122 کے نوجوانوں کو کسی بھی ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہر دم تیار رہنے کی ہدایت جاری کیں۔ڈپٹی کمشنر ننکانہ نے سیلاب کے پیش نظر تمام اداروں کو ہدایات کی کہ کسی قسم کی کوتاہی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، سستی اور کوتاہی کرنے والے محکموں کے افسران و ملازمین کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔بعد ازاں ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے ریسکیو 1122 کے دفتر میں کنٹرول روم اور کال سنٹر کا دورہ کر کے مانیٹرنگ کا جائزہ بھی لیا۔

آڑھتیان ایسوسی ایشن رجسٹرڈ پاکستان کے زیر اہتمام انٹرنیشنل فروٹ وسبزی منڈی رجسٹرڈ کا سالانہ بزنس ایوارڈ تقریب نتھیا گلی مری میں منعقد ہوئی

دیہال پور (زاہد عمران خاں۔تجوحہ) آڑھتیان ایسوسی ایشن رجسٹرڈ پاکستان کے زیر اہتمام انٹرنیشنل فروٹ وسبزی منڈی رجسٹرڈ کا سالانہ بزنس ایوارڈ تقریب نتھیا گلی مری میں منعقد ہوئی، ڈیڑھ سو زائد آڑھتیان کی شرکت، کامیاب بزنس کرنے پر شیلڈ سے نوازا گیا۔تفصیلات کے مطابق آل پاکستان آڑھتیان ایسوسی رجسٹرڈ کے صدر ملک محمد علی سوہنی کے زیر قیادت انٹرنیشنل فروٹ وسبزی منڈی رجسٹرڈ کے صدر ملک قاسم علی جانی کے زیر اہتمام گزشتہ روز سالانہ بزنس ایوارڈ کی تقریب نتھیا گلی مری میں منعقد کیا گیا جسمیں ڈیڑھ سو سے زائد آڑھتیان نے شرکت کیں ملک قاسم علی جانی نے تمام آڑھتیوں کو کامیاب بزنس کرنے پر ملک قاسم علی جانی اور ملک محمد علی سوہنی نے تمام آڑھتیان کو شیلڈ سے نوازا گیا جبکہ تقریب میں ملک حشمت علی کھوکھر، ملک عدنان، اختر حسین بھٹی، میاں عزیز الرحمن، چوہدری حماد کبیر، حاجی اختر حسین بھٹی چوہدری عزیز و رحمان مبارک علی چودھری مصنف چوھدری گلزار جاوید جہانگیر، نور باچا یا، برر حمانی عمران رحمانی سردار نیامت ڈوگر، رضوان چنڑ ور، حافظ غضنفر و دیگر آڑھتیوں نے شرکت کیں

کاشتکاروں میں ٹریکٹرز تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد

تقریب میں مہمان خصوصی وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی پروفیسر احسن اقبال نے شرکت کی

شکر گڑھ (عمران عارف سے) محکمہ زراعت توسیع نارووال کے زیر اہتمام وزیر اعلیٰ پنجاب وزیر منصوبہ بندی وترقی پروفیسر احسن اقبال نے اس موقع پر ٹریکٹرز جیتنے والے کاشت کاروں کو مبارکباد



پیش کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کاشتکاروں کی فلاح وبہبود کیلئے دن رات کوشاں ہیں،وزیر اعلیٰ پنجاب کی طرف سے زرعی شعبے کی ترقی اور فروغ کیلئے انقلابی اقدامات اور تبدیلیاں لائی جا رہی ہیں۔وفاقی وزیر نے کہا کہ موجودہ حکومت کا عزم ہے کہ کسانوں کی معاشی ترقی اور استحکام کے لیے زیادہ سے زیادہ ہر ممکن اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں جس کے دور رس نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہ جیتنے والے کاشت کار ان ٹریکٹروں کے استعمال سے اپنی کاشتکاری بہتر کرتے ہوئے فصلوں کی اوسط پیداوار میں اضافہ کر کے ملکی خوشحالی میں اپنا کردار ادا کریں گے۔پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ ملکی معیشت کا دارومدار زیادہ تر زراعت سے منسلک ہے اور پنجاب کاشتکاروں کے مسائل سے بخوبی آگاہ ہے،وزیر اعلیٰ پنجاب کی کوشش ہے کہ زراعت کے شعبے کو مضبوط بنانے کے لیے کاشتکاروں کے ہاتھ مضبوط کرنا ہوں گے کیونکہ کسان خوشحال ہوگا تو شعبہ زراعت ترقی کرے گا،وہ آج کسانوں میں مفت ٹریکٹرز کی تقسیم بھی اس سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔تقریب کے اختتام پر وفاقی وزیر منصوبہ بندی پروفیسر احسن اقبال،ممبر صوبائی اسمبلی رانا منان اور پیر سید اظہر حسن گیلانی نے بذریعہ قرعہ اندازی جیتنے والے خوش نصیب کاشتکاروں میں ٹریکٹرز کی چابیاں تقسیم کیں۔

گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت کاشتکاروں میں ٹریکٹرز تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد تقریب میں مہمان خصوصی وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی پروفیسر احسن اقبال نے شرکت کی ممبر صوبائی اسمبلی وچیئرمین چیل خانہ جات پنجاب رانا منان ✻ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیو احمد ہارون ضلعی صدر پی ایم ایل این پیر اظہر الحسن گیلانی، راجہ نپاں ایم ایل این محمد ندیم بٹ، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع افتخار احمد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع شکر گڑھ خالد شہزاد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت انجینئرنگ انیس مصطفیٰ و دیگر اس موقع پر موجود تھے۔ڈائریکٹر زراعت توسیع گوجرانوالہ ڈاکٹر شکیل احمد اور ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع افتخار احمد نے تقریب کے شرکا کو زراعت کی اہمیت، گرین ٹریکٹرز سکیم، کسان کارڈز، حکومت پنجاب کی جانب سے دی جانے والی سبسڈی پر دئے جانے والی زرعی مشینری سمیت دیگر سہولیات اور محکمہ زراعت کی جانب سے فراہم کردہ اقدامات کے حوالے سے تفصیلی آگاہ کیا۔انہوں نے بتایا کہ گرین ٹریکٹرز سکیم کے تحت ضلع بھر میں ساڑھے 12 ایکڑ سے زائد گندم کاشت کرنے والے کاشتکاروں کی طرف سے محکمہ کو 471 درخواستیں موصول ہوئیں جن میں سے بذریعہ آن لائن شفاف قرعہ اندازی سے 20 خوش نصیبوں کو کامیاب قرار دیا گیا، جن کو آج ٹریکٹرز تقسیم کئے جا رہے ہیں۔وفاقی

سپریم کورٹ کے حکم پر شازیہ فرید کی بطور ممبر قومی اسمبلی بحالی پر مبارکباد دینے والوں کا تانتا بندھ گیا

آج مسلم لیگ (ن) کو ہر محاذ کامیابی و کامرانی کا سامنا ہے : شازیہ فرید



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) سپریم کورٹ کے حکم پر شازیہ فرید کی بطور ممبر قومی اسمبلی بحالی پر مبارکباد دینے والوں کا تانتا بندھ گیا،اس سلسلہ میں شیراز منیر، ملک مقصود احمد چیف ایگزیکٹو سردار نسین ملک ہسپتال ہمراہ گلزار سرور وزیر آباد، ڈاکٹر عبدالحمید بٹ سیشن کورٹ، محمد عامر، طیب المرتضیٰ، احتشام شبیر ایم پی چیلس اروپ والے، حاجی غلام مصطفیٰ، اذان احمد، امیر حمزہ، اسامہ بھمو والی، سیٹھ اختر بھٹی سیٹھ مارکی والے، اقبال ڈار یوتھ ونگ صدر فیروز والہ، چوہدری اشرف بٹر چمن راں، بڈالہ سندھواں شاہد اقبال ناگرہ، محمد خلیل، محمد زبیر، محمد اشفاق فخر اہوالی اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) محرم الحرام کے سلسلہ میں ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے امن وامان کے لیے پرعزم، ضلعی انتظامیہ اور پولیس کا دیگر محکموں کے ہمراہ شہر بھر میں فلیگ مارچ، فلیگ مارچ کی قیادت ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید اور ڈی پی او راشد ہدایت نے کی، فلیگ مارچ میں ضلعی انتظامیہ، پولیس، ریسکیو 1122، سول ڈیفنس اور ٹریفک پولیس کے جوانوں نے حصہ لیا، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ محرم الحرام کے موقع پر عزاداروں کو سہولیات کے ساتھ ساتھ پروف بکیوری ٹی بھی فراہم کی جائے گی، عوامی جان ومال کے تحفظ کے لیے تمام ادارے ہر دم پوری طرح تیار ہیں، ڈی پی او راشد ہدایت نے کہا کہ محرم الحرام کے موقع پر امن وامان کے قیام اور قانون کی بالادستی تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، امن عامہ کے لیے قانون کی پاسداری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، عوام الناس پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کا ساتھ دیں۔

جنرل سیکرٹری پاکستان تحریک انصاف سلمان اکرم راجہ کی مرکزی، صوبائی ومقامی قیادت کے ہمراہ ڈسکہ آمد



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر نمائندہ خصوصی) جنرل سیکرٹری پاکستان تحریک انصاف سلمان اکرم راجہ کی مرکزی، صوبائی ومقامی قیادت کے ہمراہ ڈسکہ آمد انہوں نے سانحہ سوات کی متاثرہ فیملی سے اظہار تعزیت اور دعائے مغفرت کی اس موقع پر، مرکزی رہنما عمر ڈار، علی اسجد ملہی، وقاص افتخار بٹ، حاجی امان اللہ اعوان اور دیگر بھی موجود تھے جنرل سیکرٹری پاکستان تحریک انصاف سلمان اکرم راجہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سوات کا ایک بڑا سانحہ ہے اس پر سیاست نہیں ہونی چاہیے ہم اس سانحہ کو سیاست کی نظر نہیں ہونے دیں گے ہم عجز کا اظہار اور اور تعزیت کرنے آئے ہیں لواحقین کو بیس لاکھ فی کس معاوضہ دیا جائے گا جوان کا متبادل تو نہیں ہوسکتا اللہ پاک ان کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے

محرم الحرام کے سلسلہ میں ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے امن وامان کے لیے پرعزم

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) محرم الحرام کے سلسلہ میں ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے امن و امان کے لیے پرعزم، ضلعی انتظامیہ اور پولیس کا دیگر محکموں کے ہمراہ شہر بھر میں فلیگ مارچ، فلیگ مارچ کی قیادت ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید اور ڈی پی او راشد ہدایت نے کی، فلیگ مارچ میں ضلعی انتظامیہ، پولیس، ریسکیو 1122، سول ڈیفنس اور ٹریفک پولیس کے جوانوں نے حصہ لیا، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ محرم الحرام کے موقع پر عزاداروں کو سہولیات کے ساتھ ساتھ پروف بکیوری ٹی بھی فراہم کی جائے گی، عوامی جان ومال کے تحفظ کے لیے تمام ادارے ہر دم پوری طرح تیار ہیں، ڈی پی او راشد ہدایت نے کہا کہ محرم الحرام کے موقع پر امن وامان کے قیام اور قانون کی بالادستی تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، امن عامہ کے لیے قانون کی پاسداری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، عوام الناس پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کا ساتھ دیں۔

اسسٹنٹ کمشنر رب نواز کی محرم الحرام کے اے کیٹیگری کے ماتمی جلوس میں انتظامات کی چیکنگ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر رب نواز کی محرم الحرام کے اے کیٹیگری کے ماتمی جلوس میں انتظامات کی چیکنگ، انہوں نے جلوس کے روٹ پر انتظامات کی چیکنگ کی اور تمام متعلقہ اداروں کو الرٹ رہتے ہوئے عزاداروں کو سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں تمام تر اقدامات کرنے کی ہدایات جاری کیں، اسسٹنٹ کمشنر رب نواز نے صفائی عملہ کو روٹ کی تواتر سے صفائی کے احکامات جاری کیے اور محکمہ ہیلتھ، ریسکیو کے کیمپس میں طبی سہولیات کا بھی جائزہ لیا، انہوں نے کہا کہ جلوس کے اختتام تک اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے اور جلوس کی انتظامیہ تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل رابطہ میں رہے اور جلوس کی سیکیورٹی کے لیے بھی بھرپور اقدامات کیے جائیں اور جامع تلاشی کے بعد ہی لوگوں کو جلوس میں شامل ہونے کی اجازت دی جائے۔

بزدل دشمن بھارت پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا: امجد نذیر بٹ

ملک میں پائیدار امن کا قیام یقینی بنایا جائے دہشت گردی ملک ومعاشرے کیلئے بہت بڑا ناسور ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے صدر و چیئرمین انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی امجد نذیر بٹ نے کہا ہے کہ بزدل دشمن بھارت پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا یہ ملکی سلامتی کیلئے مسلسل سازشوں میں مصروف ہے جن کے تدارک کیلئے پوری قوم کو سیاسی وعسکری قیادت کی پشت پر کھڑا ہونا ہوگا تاکہ ملک میں پائیدار امن کا قیام یقینی بنایا جا سکے دہشت گردی ملک و معاشرے کیلئے بہت بڑا ناسور ہے جسے جڑ سے اکھاڑے کی خاطر سیاسی وعسکری قیادت بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے جن کی عملداری کیلئے ہر فرد کا کردار کلیدی ہے، وطن عزیز کی سالمیت استحکام اور بقا کیلئے ملکی رواداری اور ہم آہنگی کے فروغ کی اشد ضرورت ہے تمام علماء کرام خطباء حضرات اور ذاکرین اپنے وعظ اور تقریروں میں مثبت اور معتدل انداز اختیار کریں تاکہ امن وامان کی صورت حال اور فرقہ وارانہ کشیدگی کا خاتمہ ہو سکے موجودہ حالات میں انتظامیہ سیکورٹی ادارے اور تمام مسالک کے جید علماء کرام کو مل کر ایک منظم طریقہ کار وضع کرنا چاہیے تاکہ ملک دشمن عناصر کو کسی قسم کی تخریب کاری کا موقع نہ مل سکے، موجودہ حالات کا تقاضا ہے کہ ہمیں اپنی صفوں میں رواداری ہم آہنگی اور اتفاق کی فضاء کو برقرار رکھنا چاہیے اس سلسلہ میں تمام مکاتب فکر کو ایک پلیٹ فارم پر جمع ہونے کی اشد ضرورت ہے جو لوگ ملک میں انتشار کو ہوا دے رہے ہیں ان کا کڑا محاسبہ ناگزیر ہے۔

امن وامان کا فروغ اولین ترجیح ہے: ڈپٹی کمشنر حافظ آباد

امن کمیٹی کے اراکین، مقامی علمائے کرام وذاکرین مذہبی ہم آہنگی، صبر وتحمل اور امن وامان کے فروغ کے لیے انتظامیہ اور پولیس سے تعاون جاری رکھیں

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق اور ڈی پی او محمد عاطف ندیر کا کہنا ہے کہ



نہیں منتقی۔انکا کہنا تھا کہ محرم الحرام کے جلوسوں کی سیکورٹی سمیت دیگر تمام ضروری انتظامات کو یقینی بنایا گیا ہے۔جلوسوں کی گزرگاہوں پر سی سی ٹی وی کیمرے لگائے گئے ہیں۔محکمہ صحت، ریسکیو 1122، سول ڈیفنس کی جانب سے خصوصی طور پر ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں۔ضلعی انتظامیہ، پولیس اور دیگر تمام محکموں کی جانب سے امن وامان سمیت صفائی ستھرائی، مانیٹرنگ کے لیے سی سی ٹی وی کیمرے، سبیل، لائٹنگ اور دیگر انتظامات کو ہر لحاظ سے یقینی بنایا گیا ہے۔امن کمیٹی کے اراکین، مقامی علمائے کرام و ذاکرین مذہبی ہم آہنگی، صبر وتحمل اور امن کمیٹی کے اراکین نے ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او اپنے مکمل تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ ماضی کی روایات کے مطابق اس سال بھی محرم الحرام کے تمام جلوس ومجالس امن و امان اور قواعد و ضوابط کے مطابق منعقد ہو سکے حافظ آباد کے تمام علمائے کرام میں بھائی چارہ، عزت واحترام، مذہبی ہم آہنگی کا مثالی جذبہ پایا جاتا ہے اور انشاء اللہ حافظ آباد میں امن وامان کے قیام کے لیے تمام مسالک کے علماء اور دیگر ذمہ داران اس جذبہ کے تحت مقامی انتظامیہ سے اپنا تعاون جاری رکھیں گے

لاہور کے رہائشی سعید بابر نے قادیانیت سے تائب ہو کر اسلام قبول کر لیا

انہوں نے یہ روحانی فیصلہ جماعت مرکز الاحسان کے امیر مصباح الرحمٰن کے دست مبارک پر کیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) لاہور کے رہائشی سعید بابر نے قادیانیت سے تائب ہو کر اسلام قبول کر لیا۔انہوں



نے یہ روحانی فیصلہ جماعت مرکز الاحسان کے امیر مصباح الرحمٰن کے دست مبارک پر کیا۔اس موقع پر مرکز الرشید صابریہ، حیدری بازار فوارہ چوک میں ایک خصوصی روحانی نشست کا انعقاد کیا گیا جس میں مرکز کے سرپرست اعلیٰ چوہدری محمد قیوم گجر، حاجی محمد بابر علی اور دیگر ممتاز شخصیات بھی موجود تھیں۔نو مسلم محمد سعید بابر نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھے حضرت صوفی برکت علی لدھیانویؒ، حضرت میاں محمد منظور احمدؒ کی تعلیمات اور فیضان علی صابری کی نگاہِ کرم نے قادیانیت کے باطل عقائد سے نجات دلا کر اسلام کی سچائی کی طرف رہنمائی دی۔انہوں نے کہا کہ میں مکمل شرح صدر کے ساتھ اسلام میں داخل ہوا ہوں اور اب اپنی زندگی اسلامی تعلیمات کے مطابق گزارنے کا عہد کرتا ہوں۔روحانی حلقوں اور دینی طبقات نے اس فیصلے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ عمل دین حق کی سچائی اور اہل اللہ کی برکات کا مظہر ہے۔

مبر صوبائی اسمبلی ملک علی عباس کھوکر کا اسسٹنٹ کمشنر دیہال پور نعیم بشیر کے ہمراہ محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے روٹ پر انتظامات کی چیکنگ



موقع پر عزاداروں کو سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں حکومت پنجاب کی گائیڈ لائنز پر مکمل طور پر عمل درآمد کیا جائے، باہمی ربط و رابطہ کی پالیسی کو فروغ دیا جائے اور محرم الحرام پر باہمی بھائی چارے کی فضا قائم کی جائے، ممبر صوبائی اسمبلی ملک علی عباس کھوکھر نے کہا کہ محرم الحرام ہمیں مذہبی ہم آہنگی کا درس دیتا ہے، ایثار، پیار، محبت اور قربانی کے جذبے کے تحت محرم الحرام پر مثالی یگانگت کی فضا قائم کی جائے

محرم الحرام ہمیں صبر، قربانی اور اتحاد کا درس دیتا ہے: سید عاشق حسین کرمانی

حضرت بابا فریدؒ کے 783 ویں سالانہ عرس اور محرم الحرام کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے اپنے دورۂ پاکپتن کے موقع پر کیا

عارفوالا (نمائندہ قوت) صوبائی وزیر زراعت و لائیسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے کہا ہے کہ حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ کی تعلیمات آج بھی انسانیت، صبر، برداشت اور باہمی اخوت کا سرچشمہ ہیں۔محرم الحرام ہمیں صبر، قربانی اور اتحاد کا درس دیتا ہے، جس پر عمل کرتے ہوئے معاشرے میں رواداری اور امن کو فروغ دینا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر حضرت بابا فریدؒ کے 783 ویں سالانہ عرس اور محرم الحرام کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے اپنے دورۂ پاکپتن کے موقع پر کیا۔ان کے ہمراہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی معاون خصوصی ڈاکٹر آصف بشیر بٹ، کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف نگیل، ریجنل پولیس آفیسر محبوب رشید، ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق، ڈی پی او جاوید اقبال چدھڑ، ایم این اے میاں احمد رضا مانیکا، ایم پی اے چوہدری جاوید احمد، ایم پی اے میاں فاروق مانیکا، ایم پی اے سردار منصب علی ڈوگر، ایم پی اے موتیا مسعود و دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے صوبائی وزیر اور معاون خصوصی نے بہشتی دروازے سے گزرنے والے زائرین کے پیدل راستوں، درگاہ پر قائم عارضی ہسپتال کا دورہ کیا۔

ٹریفک کے تین مختلف حادثات میں دو افراد جاں بحق جبکہ رکشہ اور موٹر سائیکل چلانے والے دو افراد شدید زخمی ہو گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ٹریفک کے تین مختلف حادثات میں دو افراد جاں بحق جبکہ رکشہ اور موٹر سائیکل چلانے والے دو افراد شدید زخمی ہو گئے۔تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ 11 فوراہل کا رہائشی شاہد ولد اسلم اپنی مٹی سے بھری ٹریکٹر ٹرالی لیکر آرہا تھا کہ اچانک راستے میں 9 چک فارم والا کے قریب ٹرالی کا ٹائر پھٹنے سے شاہد ٹرالی کے نیچے دب کر جاں بحق ہو گیا۔دوسرے واقعہ میں نواحی قصبہ املی موتی کا رہائشی شاہد علی ولد حق نواز اپنی ٹریکٹر ٹرالی میں سوار ہو کر جا رہا تھا کہ اچانک راستے میں پاکپتن روڈ املی موتی کے قریب ٹریکٹر ٹرالی سے گر کر شاہد علی ولد حق نواز موقع پر جاں بحق ہو گیا۔تیسرے واقعہ میں نواحی قصبہ املی موتی کے رہائشی محمد عامر ولد محمد یاسین اپنا رکشہ لیکر جا رہا تھا کہ اچانک راستے میں قصبہ پیر دی ہٹی کے قریب موٹر سائیکل کو ٹکر مار دی جس کے نتیجے میں رکشہ ڈرائیور محمد عامر اور موٹر سائیکل سوار محمد احمد ولد مظہر شدید زخمی ہو گئے۔ریسکیو 1122 ٹیم نے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔

ڈاکوؤں اور سی ڈی پی پولیس کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں دو خطرناک ڈاکو ہلاک جبکہ دو ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈاکوؤں اور سی ڈی پی پولیس کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں دو خطرناک ڈاکو ہلاک جبکہ دو ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔تفصیلات کے مطابق سی سی ڈی پی پولیس اوکاڑہ کے نواحی قصبہ جیوکہ روڈ پر جا رہے تھے کہ اچانک آٹھ سے مسلح چار ڈاکوؤں نے پولیس کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کر دی سی سی ڈی پی پولیس کی جوابی فائرنگ سے دو خطرناک ڈاکو صدی مراثی اور علی شیر وٹو ہلاک ہو گئے۔جبکہ دو ڈاکو اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ہلاک ہونے والے ڈاکو پولیس کو 72 مقدمات میں مطلوب تھے پولیس نے علاقہ میں ناکہ بندی کر کے فرار ہونے والے ڈاکوؤں کی تلاش شروع کر دی ہے۔سی سی ڈی پی پولیس کے انچارج ڈی او سی ڈی مہر محمد یوسف نے کہا ہے کہ جرائم کا خاتمہ اور امن وامان کا قیام ہماری اولین ترجیح ہے۔

حافظ آباد میں کافر غیر مسلم جج کی رہائش گاہ پر توڑ پھوڑ، مشتعل ہجوم کی پولیس پر پتھراؤ، 4 اہلکار زخمی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں کافر غیر مسلم جج کی رہائش گاہ پر توڑ پھوڑ، مشتعل ہجوم کی پولیس پر پتھراؤ، 4 اہلکار زخمی ہو گئے۔تفصیلات کے مطابق حافظ آباد میں کافر غیر مسلم جج کی رہائش گاہ پر توڑ پھوڑ، مشتعل ہجوم کی پولیس پر پتھراؤ، 4 اہلکار زخمی ہو گئے۔ڈی پی او محمد عاطف ندیر کا کہنا ہے کہ



مشتعل ہجوم کو منتشر کرنے کے لیے پولیس کی جانب سے آنسو گیس کی شیلنگ کی گئی، 4 اہلکار زخمی ہوئے جن کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ڈی پی او کا کہنا ہے کہ مشتعل ہجوم کو منتشر کرنے کے لیے آنسو گیس کی شیلنگ کی گئی، ہجوم کو منتشر کرنے کے لیے ہوائی فائرنگ بھی کی گئی، ہجوم کو منتشر کرنے کے لیے لاٹھی چارج بھی کیا گیا، ہجوم کو منتشر کرنے کے لیے واٹر کینن بھی استعمال کیا گیا، ہجوم کو منتشر کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے گئے

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) بدھ 2 جولائی 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ
روزنامہ قوت
QAWAT DAILY
تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں لیکن اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کی صورت میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مفلوک الحال والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
042-3636003
ادارہ

نقیب 1

تحت متنازع سوشل میڈیا اکاؤنٹس کو بلاک کیا جارہا ہے اور اکاؤنٹ ہولڈرز کی ٹریکنگ کے بعد ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جارہی ہے۔ پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے ایک ترجمان کا کہنا تھا کہ ان لائن پورٹل بھی شروع کیا گیا ہے جہاں شہری چند منٹوں میں شکایت درج کرا سکیں گے، پورٹ موصول ہونے کے بعد متعلقہ اکاؤنٹ کی جانچ اور اکاؤنٹ ہولڈر کی شناخت کے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ ذریعاتی مرکز ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ کو خط لکھا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ضلع کونسل شیخوپورہ کی ویب سائٹ پر ٹینڈر نوٹس کی تفصیلات 16 جون کے بجائے 3 جولائی کو اپ لوڈ کی گئیں، ٹینڈر دستاویز کی فیس 8 ہزار روپے ہے جو ناقابل واپسی ہے، ٹینڈر

روزنامہ "قوت" لاہور (8) بدھ 2 جولائی 2025ء

نیشنل یوتھ ولنٹیئر نیٹ ورک پنجاب (NYVN) کی تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

یہ پالیسی "نوجوانوں کے لیے، نوجوانوں کے ذریعے" کے اصول پر مبنی ہوگی اور اس کا مرکز 4Es فریم ورک یعنی تعلیم، روزگار، شمولیت، اور ماحولیات ہوگا

ورکشاپ میں معذور، خواجہ سرا اور اقلیتی پس منظر سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کی بھرپور شرکت نے سماجی شمولیت کے تصور کو اجاگر کیا

لاہور (خبر نگار) نیشنل یوتھ ولنٹیئر نیٹ ورک (NYVN) پنجاب چیپٹر نے دی ایس او (VSO) کے اشتراک سے برگد آفس لاہور میں ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا، جس میں پنجاب بھر سے منتخب 30 نوجوانوں نے شرکت کی۔ ورکشاپ کا انعقاد برگد کے ہیڈ آفس میں کیا گیا جہاں نیشنل یوتھ ولنٹیئر نیٹ ورک کے نمبران نے "گلوبل و لوکل تگ اسٹینڈرڈز" اور "سماجی احتساب" کے موضوعات پر تفصیلی سیشنز پیش کیے۔ اس ورکشاپ کا مقصد نوجوانوں کو ماحولیاتی تبدیلی، سماجی شمولیت، سماجی احتساب اور امن کے فروغ جیسے اہم موضوعات پر آگاہی اور عملی تربیت فراہم کرنا تھا۔ ورکشاپ میں معذور، خواجہ سرا اور اقلیتی پس منظر سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کی بھرپور شرکت نے سماجی شمولیت کے تصور کو اجاگر کیا



دی ایس او (VSO) کے اشتراک سے برگد آفس لاہور میں ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کے انعقاد کے موقع پر گروپ فوٹو

چینی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، یوٹیلٹی اسٹورز سے چینی نایاب ہوگئی

یوٹیلٹی اسٹورز پر چینی دستیاب نہیں، شہری اوپن مارکیٹ سے مہنگی چینی خریدنے پر مجبور ہوگئے

ہول سیل میں 50 کلو چینی کا تھیلا 8950 روپے تک جا پہنچا، عوام پریشان، حکام ٹوٹل لیس

لاہور (نیوز این این) مہنگائی کے مارے شہریوں کے لیے چینی کا حصول جوئے شیر لانے کے مترادف ہوگیا ہے، کیونکہ ہول سیل مارکیٹ میں 50 کلو چینی کا تھیلا 8950 روپے تک میں فروخت ہو رہا ہے۔ پرچون مارکیٹ میں چینی 185 سے 190 روپے فی کلو تک فروخت کی جارہی ہے، جبکہ بریڈ و چینی کی قیمت 200 روپے فی کلو رام تک جا پہنچی ہے، جس سے غریب طبقہ شدید متاثر ہوا ہے۔ دوسری جانب یوٹیلٹی اسٹورز پر سستی چینی نایاب ہوچکی ہے۔ شہریوں کو ہفتہ وار گھریلو استعمال کے لیے مبینہ چینی اوپن مارکیٹ سے خریدنا پڑ رہی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومت رمضان بھرم اور دیگر مذہبی مواقع پر عوام کو ریلیف فراہم کرے اور یوٹیلٹی اسٹورز پر فری طور پر چینی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔



لاہور: پی ایچ اے کے ملازمین لاہور کی اہم شاہراہوں پر گرین بیلٹس میں بوگن ویلیا بیلیں لگا رہے ہیں

شاہدرہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 18 سالہ نوجوان احمد زشی جاں بحق

لاہور (نیوز این این) شاہدرہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 18 سالہ نوجوان احمد زشی جاں بحق ہوگیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق نوجوان گھر کے باہر کھڑا تھا کہ نامعلوم شخص نے فائرنگ کردی، جس سے وہ زخمی ہوگیا۔ زخمی نوجوان کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے میو ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق احمد کا موبائل فون بھی چھین لیا گیا ہے اور اس کی حالت خطرے سے باہر بتائی جاتی ہے۔ واقعے کے بیان دیا ہے

اسلام آباد میں دسمبر کی شہروں میں موسلا دھار بارش، سرین ایمرجنسی نافذ

اسلام آباد (این این آئی) راولپنڈی اور اسلام آباد میں رات کے موسلا دھار بارش ہوئی، سیالکوٹ، ہری پور، ڈیرہ اکبر اور اٹک کا پانچ میں بھی پاول برس پڑے۔ محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے مطابق شدید بارش کے خدشے کے پیش نظر اسلام آباد اور راولپنڈی نے زرین ایمرجنسی نافذ کردی۔ ترجمان واسا کے مطابق ادارے کا فیلڈ عملہ پوری مشینری کے ساتھ مختلف مقامات پر موجود ہے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے فوری طور پر نمٹا جاسکے۔ ایم ڈی واسا نے کہا کہ بارش کی شدت کے پیش نظر الرٹ کی مکمل مانیٹرنگ کی جارہی ہے

مرغی کے گوشت کی قیمت میں 14 روپے کمی، سرکاری نرخ 432 روپے مقرر

گوشت سستا ہونے کے باوجود مارکیٹ میں گراں فروشی، برائلر 450 روپے فی کلو فروخت

زندہ برائلر کی منڈی میں مہنگی فروخت پر شہری برہم، حکام سے موثر کارروائی کا مطالبہ بڑھنے لگا

لاہور (نیوز این این) مرغی کے گوشت کی قیمت میں 14 روپے فی کلو کمی کردی گئی ہے، جس کے بعد نیا سرکاری نرخ 432 روپے فی کلو مقرر کیا گیا ہے۔ تاہم مارکیٹ میں گراں فروشی کا سلسلہ جاری ہے، اور برائلر گوشت 450 روپے فی کلو میں فروخت کیا جا رہا ہے۔ محکمہ لائیو اسٹاک کے مطابق زندہ برائلر مرغی کا تھوک ریٹ 284 روپے اور پرچون ریٹ 298 روپے فی کلو مقرر کیا گیا ہے، مگر کاغذ اور منڈی میں زندہ برائلر 295 روپے فی کلو کی فروخت کررہے ہیں۔ شہریوں نے شکایت کی ہے کہ نرخ نامے کی خلاف ورزی اور گراں فروشی پر مؤثر کنٹرول نہ کرنا ہر چوبیس گھنٹے میں اس پر فوری مارکیٹ کا سلسلہ جاری ہے، اور برائلر مرغی کا مصنوعی بحران پیدا کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ عوامی حلقوں کا مطالبہ ہے کہ ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹیاں روزانہ کی بنیاد پر کارروائیاں کرتے ہوئے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت اقدامات کریں تاکہ صارفین کو ریلیف مل سکے۔

یمین یونیورسٹی ملتان کے شعبہ کمپیوٹر سائنسز اینڈ آئی ٹی کے زیر اہتمام ٹیکیسپو 2025 کا انعقاد کیا گیا



ملتان (خبر نگار) یمین یونیورسٹی ملتان کے شعبہ کمپیوٹر سائنسز اینڈ آئی ٹی کے زیر اہتمام ٹیکیسپو 2025 کا انعقاد کیا گیا جو ترجمان کے مطابق شعبہ کمپیوٹر سائنسز اینڈ آئی ٹی کی سالانہ ٹیک ایکسپو 2025 کا انعقاد کیا گیا جس میں طالبات کے بنائے گئے 200 سے زائد ماڈلز کی نمائش کی گئی تقریب کے مہمان خصوصی پارلیمانی نیگری بارڈ ایجوکیشن و صحت مویشی اسمبلی ہال خان چانڈیو تھے جنہوں مہمان اعزاز (پیج نمبر 45)

سوات واقعہ، سیلاب سے متعلق اداروں کو پیشگی وارننگ جاری کردی تھی، محکمہ آبپاشی

27 جون کو خوازہ خیلہ کے مقام پر دریا کا بہاؤ چند گھنٹوں میں 77782 کیوسک ہوگیا تھا، رپورٹ

سوات (این این آئی) دریائے سوات میں پانی کے بہاؤ اچانک بڑھنے سے پیش آیا۔ رپورٹ کے مطابق 27 جون کو خوازہ خیلہ کے مقام پر دریا کا بہاؤ چند گھنٹوں میں 6738 کیوسک سے بڑھ کر 77782 کیوسک ہوا (پیج نمبر 38)

دریائے سوات میں ڈوبنے والے 2 افراد کی تلاش کیلئے آپریشن شروع

ڈوبنے والے 2 افراد کی تلاش کیلئے آپریشن کیا گیا، ریسکیو ٹیموں کو چوتھے روز بھی کامیابی نہیں مل سکی، دریائے سوات کے کنارے دوسرے روز بھی متاثرین کے خلاف آپریشن جاری رہا، ہیلی کاپٹر، 4 بوٹس اور 2 ڈھائی سو فٹ گہرائی تک کیا گیا آپریشن، ریسکیو ٹیموں کو کوئی کامیابی نہیں ملی، دریائے سوات کے کنارے دوسرے روز بھی متاثرین کے ورثا کا احتجاج، ریسکیو ٹیموں پر الزام

نادیہ خان مگھیانہ کی عورت بن کر نہ جھجکیں، وقار سے بات کریں، ثروت گیلانی

موجودہ حالات میں فنکاروں کو ایک دوسرے کو گرا کر نہیں بلکہ ایک دوسرے کا ہاتھ تھام کر آگے بڑھنے کی ضرورت ہے، اداکارہ

کراچی (این این آئی) اداکارہ اور سماجی کارکن ثروت گیلانی نے حال ہی میں میزبان نادیہ خان کے ریڈیو پر پہنچ کر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے ساتھی فنکاروں کے خلاف جس انداز میں بول رہی ہیں، وہ ناصرف غیر مناسب ہے بلکہ فنکار برادری کی بہتر تصویر بھی ہے۔ فنی ڈی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے ثروت گیلانی نے کہا کہ آپ اپنے ہی فنکاروں کو نیچا دکھا کر کیا حاصل کر رہی ہیں؟ (پیج نمبر 37)

عشرہ محرم: لاہور سمیت پنجاب بھر میں سیکیورٹی ہائی الرٹ، 37 ہزار اہلکار تعینات

آج 547 جلوس اور 3804 مجالس 19 ہزار کیمروں، ریڈ اینڈ سرچ پولیس کے ساتھ سیکیورٹی پر مامور

سوشل میڈیا، لاؤڈ اسپیکر، اسلحہ نمائش پر کڑی نظر، سیف سٹیز کے گرفتاری کا عمل جاری، ترجمان پولیس

لاہور (نیوز این این) عشرہ محرم الحرام کے دوران پنجاب پولیس کی جانب سے سخت سیکیورٹی انتظامات کیے گئے ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق آج 05 محرم الحرام کو اور سمیت صوبہ بھر میں 37 ہزار 500 سے زائد پولیس افسران و اہلکار مجالس و جلوسوں کی سیکیورٹی پر مامور ہیں۔ ترجمان کے مطابق آج صوبے بھر میں 547 عزاداری جلوس اور 3804 مجالس منعقد ہو رہی ہیں، جبکہ 42 جلوس اور 410 مجالس کی سیکیورٹی کیلئے 3000 سے زائد اہلکار تعینات ہیں۔

ایل ڈی اے کی تاریخی ریکارڈ کارکردگی، ایک دن میں 184.7 ارب روپے کی ٹیکس وصولی

کراچی (این این آئی) ادارے نے مالی سال 2024-25 کی تاریخ ثابت کردی، ادارے نے صرف ایک دن میں 184.7 ارب روپے کی ریکارڈ وصولی کی، جو اب تک کی سب سے بڑی یومیہ وصولی تصور کی جارہی ہے۔ جون 2025 کے مہینے میں ایل ڈی اے کراچی کی جانب سے مجموعی طور پر 449.05 ارب روپے جمع کیے گئے۔

بہاولپور، گیس لیکیج کے باعث طالبات سے بھری وین میں آتشزدگی، ایک طالبہ جاں بحق، 9 زخمی

بہاولپور (این این آئی) بہاولپور کے ڈویژن بہاولپور کی تحصیل احمد پور شرقیہ میں ایل پی جی گیس لیکیج کے باعث طالبات سے بھری وین میں آگ لگ گئی جس کے نتیجے میں ایک طالبہ محکمہ کی جاں بحق اور 9 زخمی ہوگئیں۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ بہاولپور کی تحصیل احمد پور شرقیہ میں طالبات سے بھری وین میں آگ لگ گئی جس کے نتیجے میں 10 طالبات جھلس گئی تھیں، جنہیں ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ ہسپتال میں علاج کے دوران 19 سالہ طیبہ عباس دخترون کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگئی۔

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد بسوں کے کرایوں میں بھی اضافہ

کراچی (این این آئی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد انٹرسٹی بس سروس کرایوں میں بھی اضافہ ہوگیا۔ مختلف انٹرسٹی بس سروس کے مسافروں کرائے بڑھنے پر اپنی پریشانی کا اظہار کیا ہے۔ ایک مسافر نے بتایا کہ صادق آباد کا کرایہ 2 ہزار 2 سو روپے تھا اب 2 ہزار 300 وصول کررہے ہیں۔

فیصل ایوب کھوکھر کی دربار پیر لکھن شریف آمد، عرس تقریبات میں شرکت

صوبائی وزیر کا پیر لکھن شریف کی روحانی خدمات کو خراج تحسین، خصوصی دعاؤں میں شرکت

لاہور (نیوز این این) صوبائی وزیر فیصل ایوب کھوکھر نے دربار عالیہ پیر لکھن شریف پر حاضری دی اور سالانہ عرس مبارک کی روحانی تقریبات میں شرکت کی۔ اس موقع پر سجادہ نشین پیر سید سلطان احمد شاہ نے صوبائی وزیر کا پرتپاک استقبال کیا۔ ملک بھر سے آئے ہوئے زائرین کی بڑی تعداد نے بھی عرس میں شرکت کی، جہاں عظیم نعت، ذکر، درود و سلام کی روح پرور محفلیں سجائی گئیں۔ فیصل ایوب کھوکھر نے اپنے خطاب میں کہا کہ "پیر لکھن شریف روحانی روشنی کا مرکز ہے۔ اولیاء کرام کی تعلیمات معاشرتی اخوت اور اتحاد کا پیغام دیتی ہیں۔ دربار پر حاضری دل کو روحانی سکون فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت مزارات اولیاء کی حفاظت، توسیع و آرائش اور فعالیت کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔" حکومت پنجاب اپنے روحانی و صوفی ورثے کی محافظ ہے، "انہوں نے دردیا۔

صوبائی وزیر فیصل ایوب کھوکھر دربار عالیہ پیر لکھن شریف پر حاضری دے رہے ہیں

صوبائی وزیر فیصل ایوب کھوکھر دربار عالیہ پیر لکھن شریف پر حاضری دے رہے ہیں

صوبائی وزیر فیصل ایوب کھوکھر دربار عالیہ پیر لکھن شریف پر حاضری دے رہے ہیں

پاکستان تیزی سے ساحل سے ساحل تک جہاز بنانے کی طرف بڑھ رہا ہے، احسن اقبال

منصوبے سے متعلق تمام قانونی اور انتظامی کارروائیاں فوری طور پر مکمل کی جائیں، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

احسن اقبال کی زیر صدارت ڈیجیٹیس کی روک تھام و کنٹرول پروگرام کی سٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس، مختلف امور پر غور

اسلام آباد (خبر نگار) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال کی زیر صدارت وزیر اعظم کے ڈیجیٹیس کی روک تھام و کنٹرول پروگرام کی اسٹیئرنگ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزارت منصوبہ بندی کے حکام، متعلقہ اداروں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس منصوبے کا مقصد ملک کی 3 کروڑ 30 لاکھ آبادی کو ڈیابیٹس سے بچاؤ (پیج نمبر 3 5)



صوبائی وزیر فیصل ایوب کھوکھر دربار عالیہ پیر لکھن شریف میں سالانہ عرس مبارک کی تقریب میں شریک ہیں، سجادہ نشین پیر سید سلطان اور دیگر بھی ہمراہ ہیں

نئے مالی سال کا آغاز، بجٹ 26-2025 پر بھی عملدرآمد شروع ہوگیا

389 ارب کے انفرا سٹرکچر اقدامات اور 312 ارب کے نئے ٹیکس لگ گئے

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں نئے مالی سال کا آغاز ہوگیا جس کے ساتھ ہی بجٹ 2025-26 پر بھی عملدرآمد شروع ہوگیا ہے۔ نئے بجٹ کے مطابق 389 ارب کے انفرا سٹرکچر اقدامات اور 312 ارب کے نئے ٹیکس لگ گئے ہیں، میٹرک فنڈ کے ذریعے سرمایہ کاری پر عائد (پیج نمبر 3 3)

شہدائے پولیس کو خراج تحسین پیش کرنے کا سلسلہ جاری

لاہور پولیس گارڈز کی شہید کانسٹیبل شبیر احمد کی 17 ویں برسی پر قبر پر حاضری، اسلامی پیش

لاہور (این این آئی) شہدائے پولیس کو خراج تحسین پیش کرنے کا سلسلہ جاری ہے، لاہور پولیس کی گارڈز نے شہید کانسٹیبل شبیر احمد کی 17 ویں برسی پر



لاہور: شہری محرم الحرام کی مناسبت سے لگائی گئی سبیل سے غٹاغٹ شربت پی رہے ہیں

لاہور میں لوڈر ٹرک چوری کرنیوالا سکندر گرفتار

ملزم نے ٹرک سے تانچ کر بیٹریاں بھی نکال لیں، سی سی ٹی وی سے شناخت ہوئی

فائدہ اٹھا کر ٹرک چوری کیا، اس میں موجود گاڑھ دوست کیا اور اندر لال بیٹریاں نکال کر بیچ دیں۔ ایس پی ٹی ٹی کے مطابق پولیس نے دی ٹی دی ٹی ڈی ٹی کی مدد سے ملزم کو گرفتار کرلیا اور ملزم سکندر کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزم سکندر کو گرفتار کرلیا اور ملزم سکندر کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ٹرک ڈرائیور نے رات کے وقت ٹرک میں مال لوڈ کرکے سڑک کنارے پارک کیا تھا، ملزم سکندر نے موقع کا



لاہور: سائیکل پر فرنچ کی چوریاں اور سٹول فروخت کرنے والا شخص ٹریفک جام کے باعث ٹریفک اہلکار کے پاس سے گزر رہا ہے

پی ٹی ایس ای کا جعلی ویب سائٹس اور سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے خلاف کارروائی کا اعلان

امیدواروں جعلی ویب سائٹس اور جھوٹے اشتہارات سے ہوشیار رہیں، پنجاب پبلک سروس کمیشن کی عوام کو ہدایت

صرف سرکاری ویب سائٹ اور تصدیق شدہ لنکس پر اعتماد کریں، عوام پیغام دہروں تک پہنچانے میں، ترجمان

لاہور (نیوز این این) پنجاب پبلک سروس کمیشن (پی پی ایس سی) نے اپنے نام سے منسوب جعلی ویب سائٹس اور سوشل میڈیا پیجز کے خلاف قانونی کارروائی کا فیصلہ کرلیا ہے۔ ترجمان پی پی ایس سی ڈی جی ڈائریکٹر سید کاشف مقبرل کاظمی کے مطابق بعض جعل ساز عناصر جعلی ویب سائٹس اور فیک سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے ذریعے امیدواروں کو جھوٹی اسامیوں، نمبٹ شیڈولز اور فیس کی ادائیگی سے متعلق غلط معلومات دے کر جھوٹ دے رہے ہیں۔ وہ صرف پی پی ایس سی کی سرکاری ویب سائٹ www.ppsc.gop.pk اور اس پر موجود تصدیق شدہ سوشل میڈیا لنکس پر ہی بھروسا کریں۔

حکومت عوامی فلاح کے بجائے زندگی مزید مشکل بنا رہی ہے، سید علی ارتضیٰ

مہنگائی کے تھپے عوام کو نئے مالی سال کے آغاز پر دبے گئے، جماعت اسلامی لاہور عوامی

کیا گیا اضافہ واپس لے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت عوامی فلاح کے بجائے عوام پر زندگی تنگ کررہی ہے۔ پہلے پٹرول، پھر بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ کیا اور اب منصوبے کی موجودہ صورتحال، پیش رفت اور نگاہی آب سے متعلق جاری ہیں پر بریفنگ دے۔

ڈی ہی لاہور کا واسا واٹر اسپوزل ٹینک کا دورہ، نگاہی آب انتظامات کا جائزہ

واٹر اسپوزل ٹینک کی پروقت تکمیل یقینی بنائی جارہی ہے، تمام اقدامات مؤثر انداز میں جاری

لاہور (نیوز این این) ڈی ہی کنٹونمنٹ بورڈ لاہور سید موحی رضا کی قیادت میں واسا کے تاجدوں میں زیر تعمیر واٹر اسپوزل ٹینک کا تفصیلی دورہ کیا گیا۔ اس موقع پر چیف آفیسر ایم ای ایل، اسسٹنٹ کمشنر شالیمار اور ڈی ہی ٹینک ڈائریکٹر واسا سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر شالیمار اور ڈی ہی واسا نے ٹینک کے منصوبے کی موجودہ صورتحال، پیش رفت اور نگاہی آب سے متعلق بریفنگ دی۔

36 سیٹیزز نے قبائی وزیراعظم کے خلاف درخواست دائر کردی، درخواست پر فیصلہ ہونے تک وزیراعظم عہدے سے معطل رہیں گے

قبائی لیڈنڈ کی خاتون وزیراعظم کو سابق ڈپٹی وزیراعظم کی آئینی عدالت نے معطل کردیا، قبائی لیڈنڈ کی آئینی عدالت نے کیا فیصلہ دیا؟ کون کہاں کا وکیل ہے؟ پورا کیس کیا ہے؟ پڑھیے خصوصی رپورٹ میں

قبائی لیڈنڈ کی آئینی عدالت نے کیا سیٹیزز کی درخواست پر فیصلہ سنایا؟ کیا وزیراعظم عہدے سے معطل ہوگئیں؟ کیا